بعون صانع بیچون و مکان و بفضل خلاق زمین و زمان

ساتوان دیوان فصاحت نشان بلاغت عنوان مشتمل مضامین محاورات بے نظیر اعنی

کلیات میر

من کلام بلبل بوستان سرائی گلشن قدس ملک الشعرا میر تقی صاحب میر رحمۃ اللہ علیہ

مطبع نامی منشی نولکشور میں بطبع پہنچا اور مطبوع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصائد در منقبت وغیرہ

جب سے خورشید ہوا ہی چمن افروز حمل
رنگ گل چھلکی ہی ہر پات ہری ہر...

وقت وہ ہی کہ زبس شوق سی ہر چشم بلبل
خوبی دلکش گل دیکھنی کو...

جوش گل یہ ہی جہاں تنک کری ہی کام نظر
لالہ و نرگس و گل سی ہین بھری دشت...

لطف و بید گی مست یہ چہ کہ ہین شیشی ہین
سبزہ غلطان ہی لب جو پہ کہ خا...

چشم رکھتا ہی تو چل فیض ہوا کو تنک دیکھ
نرگس و گتی ہی جہان تھی ہا...

سیر کر تازگی و خرمی و شادابی
خشک بھی شاخ نی اب سبز نکالا...

خون خمیازہ کش عاشقی و نیچہ گل
... ونون نکلی ہین تہ خاک سی...

وقت ہی اے نصیری کی مدد کا پاشاہ | روز و شب ہنستی ہی اس موذی سے ہی جنگ وجدل

مطلع ثالث

ایکہ اک تو ہی ہوا عالم اسرار ازل | ایکہ سو جان سے عاشق ہی ترا حسن عمل

تیری وہ ذات مقدس ہی کہ تعبیر ہو دم | منہ سے ناخواستہ بھی صل علی جاوے نکل

تیری درگاہ میں جبریل کی پر کیون نہ جلین | سینہ ہی نور جلالی خدا عز و جل

دور از بسکہ کھنچا عرش سے رتبہ تیرا | حرف تیرا ہی تری شیعونکی وحی منزل

مرحبا شاہی تری صل علی جاہ تیسلے | کہ ہوا تخت ترا دوش نبی مرسل

فرش ہونا ترے زائر کا سعادت تہی وے | کیا کرے جا درِ مہتاب کہ تہی مستعمل

وہ نخستین خرد اے عالم اسرار اللہ | ہاتھ جسکو گئے در کی کامل اکمل

آخر اب آکر ترے درس میں یہ نکتہ کھلا | ناقص محض چلا جاے تہا عقل اول

جی میں گذری ہی تو نکلی ہی ترے درس کی بحث | معنی تازہ سے بدلا ہوا لفظ مہمل

زعم بدعت پہ جب آوے تری طبع اقدس | کیا عجب شعلۂ آواز سے جل جاے رسل

لقمۂ ظلم نہیں پہنچا عدالت میں تری | باز نکلی ہوئی چڑیا کی تئین دیوے اوگل

حالت نزع میں گر نام زبان پر ہو ترا | یک رمق جان حیات ابدی سے ہو بدل

بسکہ غالب ہی ترا سعد ستارا ہی عجب | پہنچے گر حشر تلک نوبت شاہی زحل

مطلع رابع

۳

قصیدہ در مدح حضرت مرتضی علی علیہ الصلوۃ والسلام

اک شب کیا تھا یاد مین تری زلف کا خیال
ایسا کہ ہے دشمنی مین مری مرا بال بال
مین مرگیا فراق مین پر اب یہ کیا ہے ظلم
چھٹی گڑی ہے سامنے مری حسرت وصال
جنبش ہوئی مژہ کو اودہر گرد گئی سنان
ابرو ہلا رہی کہ اودہر کٹ گیا ہلال
آتا ہے یاد قیس بہت اب کہون یہ تک

گرکی سر گوشی جسے چھوٹتی ہین بھاگی ہوئی — آتی ہے غیب سے آواز ہوا وہ فیصل
یہ ہے یا خالی ہے میدان مگر اسکی تیغ — اژدہا ہو کہ گئی خلق کو یکدم مین نگل
کیا بیان کیجے اب لشکر اعدا کی معاش — منجمد خون ہے وہان زخم کا ہیگا دلدل
چھوٹتے ہین زخم سے ہر ایک کی فوارۂ خون — ہر طرف دشت مین جاری ہے لہو کی جدول
سرخ ہے چشم شجاعان نظر آتی ہے — خون سے مسلخ قصاب کی خاک مقتل

قطعہ

کیا لکھون اسپ سبک سیر کی اوسکی تعریف — ادہر خامہ بھی لکھتے ہوئے جاتا ہے اوچھل
جب عنان اسکی او چک لیتا ہے اوسکا راکب — جلدی ہو یہ مین پھلاوے ہے کیا کیا چھل بل
اس فلک سیر کا میدان مقرر ہیگا — تنگ ہو ہوگی یہی اثناے ابد اور ازل
آ گیا اس مین نظر جاتا کسو شخص کو تو — مارتی بل کے گیا اوسکو چھلاوا اس اچھل
قابو پانی کی یہ اسکی سوار اوسپہ سدا — کہتے ہین مدعی اس اسپ کے تئین پاؤن چل
راکب اوسکا کرے ہے سنکر تبسم یہ بات — یعنی ان کیدیونکی کچھ ہے دماغو نمین خلل
جان یہ ہے کہ گھوڑے مین کہ تا روز جزا — گرد کو اسکی نہ پہونچی گی کبھو اسکی اجل
اک مصور نے اوسے دیکھ کے دوڑایا خیال — دیکھون اس باد کی مجھسے بھی سکی شکل نکل
سر و سینہ کو کمر تک تو بنایا رکھہ ہاتھ — اوڑ گیا صفحۂ کاغذ پہ سے چھوڑتی ہے کفل

قطعہ

قطعہ

کب تک صفت بتون کی خدا سے تو خوف کر — اے طبع رہ نہ اتنی بھی پابند خط و خال

پڑھ منقبت نہ شاہ کی جس سے نجات ہو — وہ شاہ جسکی ایک گدا کو ہے یہ کمال

بخشش سے جسکی حرف طلب محو ہو گیا — گم اسکے وقت مین ہے بہت لفظ سوال

ہے صحن اسکی مطبخ عالی کا کاسہ لیس — دستار خوان کا اسکی ہے حاتم اگر شمال

آوے اگر عطا و کرم پر وہ ایک دم — خسرو کی ہفت گنج تو پھر کیا ہین جز زوال

کہتا ہون اب مین مطلع ثانی کہ ہوون پتنگ — وسعت رکھی ہے بسکہ یہ میدان قیل و قال

مطلع ثانی

اے نائب مصاحب دادار بیمثال — وہ ہے مشورت شریک خداوند لایزال

تو ہے کہ تیرے عدل کی نظم و نسق کو سُن — اوٹھ جاے دفعةً ہی مزاجون سے اختلال

قطعہ

چاہے خدا نخواستہ اسکا اگر تو رزم — تو منحرف مقام سے ہو خط اعتدال

شاہا ترا غلام ہو ایک اور ایکطرف — سنگین ہو فوج دشمن اگر کوہ کی مثال

تیر و کمان کو ہاتھ مین لے جب سنبھال کر — ہے اسکو اپنے زور شجاعت سے یہ کمال

جس دم کہ زور بازو سے آ کر لگا دے تیر — سہو ٹین و سار ہو وین اگر آہنین جبال

چٹکی سے اسکی ہو کے جدا تیر پر لگائے — جو اسکے سامنے ہوا سے اک کے لاگی بہال

قطعہ

قصیدہ در مدح حضرت امام نقی علی علیہ الصلوٰۃ والسلام

زخم اسکی ہاتھ کا جو لگی یہ نخو کبھی	مٹ جای کائنات مگر تب ہو اندمال

قطعہ

تر ہوگئی ہے بسکہ لہو مین گل زمین	گر خشک ہو وہی خاک کہین بعد ماہ و سال
ہو پھر گذار باد صبا سے یہ وان کا رنگ	اوڑتا ہے جیسے ہولی کی ایام مین گلال
میلان طبع مطلع ثالث کی اور ہی	تاخیر پر قصیدۂ غرا کا ہو مآل

مطلع ثالث

لائق تری صفت کے صفت میری ہے محال	آشفتہ طبع شاعر خستہ کی کیا مجال

قطعہ

تو وہ در مدینۂ علم علیم ہے	جس شخص کو نہ آوے الف بی تی دال ذال
آوے تری جناب مقدس مین ایکدم	کرتی ہین وان تو وقت سبھی طرز کی مقال
عالم ہو اسقدر کہ بیان کیا کرے کوئی	پھر بحث اوس سے عقل فلاطون پہ ہے وبال
لیتے ہین تیرے گھر سے گدا پوست تخت فقر	پاتے ہین تیرے در سے شہا مکنت و جلال
جب تک جیون ہین دلمین مرے آرزو ہے یہ	ہون سر سے تیرے زائر درگہہ کا پایمال
پھر بعد مرگ حوض پہ کوثر کے یا علی	جا گہہ مری ہو حشر کو تیری صف نعال
جب ہون مین گرم راہ تری سائے مین شہا	ہوجائے سرد آتش دوزخ کی اشتعال

چشم طمع کو سی لی ہاتو کہ جیتی جی	سر پہ ہوئی ہین لسکہ الم سی مری عظام
اے طبع اتنی ہرزہ درائی جو بس کی طرز	اس گفتگو کا فائدہ کہہ حاصل کلام
یعنی امیر شاہ نجف کی صفت پر آ	وہ شاہ جس پہ ساری کملات ہین تمام
وہ شاہ ہی کہ بعد نبی کی وہی ہی پہر	وہ شاہ ہی کہ حق ہی وہی اولین امام
گرچاہی دل گرفت جہان مین نہو کوئی	کر دی یہ تنگ غنچہ پیکان کو ابتسام
ورنہ شگفتگی یہ بلائی عظیم ہی	چہوڑی نہ زخم سینۂ عاشق تک التیام

مطلع ثانی

شاہا تری گدا کا ہی مشہور احتشام	شاہان سرفراز سب اوسکی ہین بی نام

قطعہ

ہو اسپ پر سوار کری عزم جنگ اگر	میدان کارزار مین اودی ترا غلام
جولان کری جدہر کو ہر اوس طرف خاک	اوڑ جاے خاک اودہر کی جدہر کو پہیرے لگام
پامال اسقدر ہون کہ معلوم ہی نہون	افراسیاب کون ہی رستم ہی یان کدام

قطعہ

شمشیر اسکی خرمن اعدا کی ہی جو برق	آوی گر اسکی ہاتھ مین یک لحظہ بی نیام
ہل جاے اور ٹہک صف اعدا کی اور کو	بی سر ہین پہیر تو مدنظر تک بدن تمام

مطلع ثالث

تو ہی کہ ساری خلق پہ تیرا ہی فیض عام
توہی کہ تیری مہر کی سایے مین روز حشر
محفوظ آفتاب قیامت سی ہون انام

قطعہ

یعنی کہ دیکھیون حضرت دہلی کی جا نواح — معلوم ہی سوا تری حاصل کلام
ہرگز نہو حلال عدو پر تری خوشی — ہو وے تمام تیرے محبون پہ غم حرام

قصیدہ در مدح امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام

فلک کی جور و جفا نی کیا ہی مجکو شکار — ہزار کوس پہ ہی جا ہی اک تپیدن زار
خراب کوہ و بیابان بیکسی ہون مین — برنگ صورت جرس ہر طرف ہی سیر گذار
بغیر خوردن خون کب خمار ٹوٹی ہی — سوائی گریہ صبح ابکہان ہی آب خمار
نگین نہ داغ سو کیون پیکی سیر سینہ پہ — نمک نہین نظر آتا بجز رخ دلدار
سو وہ بھی دیکھنا نہین ہی کہ گھر بیٹھو — نگر ہون ہند مین رسوائی کوچہ و بازار
سوائی نالۂ جان سوز کون ہی دلسوز — بغیر آہ سحرگاہ کون ہے غمخوار
جنون مین جیب سی خوش تر کیا لباس عریانی — نہین ہی دامن صحرا مین تب سی مجکو قرار
ہمیشہ ساتھ ہی دامن سوار خاک کون گی — مگر کہ خاک فنا سی بنا ہی سیر اغبار
عجب ہی مجکو جو تو دیکھنی نہین آتا — رہا ہون ایک تری ٹھوکرون کا مین بیمار
ہوا ہون جور فلک سی نیشہ ہی زار و نزار — ہو تجھ پہ یا خلف الصدق حیدر کرار
شہا غلام کو تیری یہ زور بازو ہے — کہ وقت جنگ جو لیکر کمان کو ہو وے سوار

قصیده

بسر دهری شیرین بکینهٔ خسرو — بگرم جوشی فرهاد و سختی کهسار

بعشق دیر بطوف حرم بسعی تمام — بلوح مشهد عاشق بسوز شمع مزار

بآب و رنگ گلستان به بیکسی اسیر — که اسکو کنج قفس هی رهی هر باد بهار

بساغر مے گلگون بہ توبۂ سنگین — بدلنوازی ساقی بابر دریا بار

بدستگیری چاک و بہ بیقراری جیب — بسینه کاوی دشنه بزخم دامن دار

بحیرت رخ جانان بچشم واماندہ — بسعی باطل ناخن بعقدهٔ دل کار

بہ قلقل و بہ سبو و بلغزش بر دم — بہ مستی مئی ناب و بخاطر هشیار

بہ بیچ گوئی بیتابی و بہ بی خوابی — بکم زبانی صبر و بدیدهٔ بیدار

بدیر و برهمن و کفر و باصنم گوئی — بشیخ و مسجد و تسبیح و رشتهٔ زنار

بسیل خانه خراب و بلوازی مجنون — بجگر گہ جرگه غزالان بدیدهٔ خونبار

بخوشه خوشه سرشک بدارسیت مژه — بقطره قطره شراب و بجام دست یار

بضعف جسم نزار و بطاقت سرکش — بجان عاشق مسکین که یار پر نثار

بخاک عاشق خانہ خان که باد صبا — نهین دکھاتی اسے بعد مرگ کوچهٔ یار

باضطراب چراغ و به تیمنی نسیم — بخاطر دل آخر او سحر هی بیزار

بدور گردی رنگ قبول و یاس دعا — باعتراز اجابت بحلقهٔ اذکار

تو مرجائیگا یون تو رکتے ہی رکتے — کہ اندوہ و غم آفت ناگہان ہے

غزل لطف کر میر صاحب کی کوئی — کہ انکی زبان بیچ سحر بیان ہے

کہا مین تو مطلع غزل کا یہ سنکا — کہ ہر طرف سے جسکی تو ہو روان ہے

مطلع ثانی

ترے ہاتھ جبتک کہ تیر و کمان ہے — شکار زبون کی بہی خاطر نشان ہے

کہے ہے کہ تو شکل نقشہ الی ہون انکے — مرا جسم اس لطف سے ناتوان ہے

تری اور اسے سادہ رو عبد ہیر — مرا نامہ نوشتہ ہر استخوان ہے

نہ پوچھ اس طلسمات عالم کی صنعت — کہ اس آشکارا مین کیا کیا نہان ہے

خوشا مرگ بلبل کہ سائی مین گل کی — کہین ہشت پہ بہ کہین آشیان ہے

لگی ہو نہ اب عطر دان اسکے منہ کو — نہ اس بوئی خوش ساتھ گل کا دہان ہے

غرور و خرابات چل شیخ دیکھین — جو تو رسا بچہ تو سو پیر مغان ہے

کہ خانواد کہ تھی یان کیسے کیسے — خرابا ہی ہی جب تلک یہ جہان ہے

دم امتحان میر ہم کیا کرین گے — ہماری گرہ مین تو اک نیم جان ہے

چلی ہی طبع مشتاق وصف بتان پر — کہ غم انکا دل مین مری میہمان ہے

یہی شغل ہین خوب پیش فقیران — کہ ذکر خدا ہے کہ وصف بتان ہے

بہت ہرزہ خوان ہوگیا ای میر تو بھی	وظیفہ ترا کیا یہہ ذکر بتان ہے
جو مرکوز خاطر ہی او سپر بھی آجا	فراغت کا عرصہ یہی یک زمان ہے
سن ای ہمنشین شخص غائب کی خاطر	یہ مطلع کہ مطلب سے جو ترجمان ہے

مطلع ثالث

قلم چل ابھی چلتی تیری زبان ہے	کہ یہہ بات کہنے کی فرصت کہان ہے
ولیکن تجاوز نہو وے ادب سے	کہ ممدوح اب شاہ ہندوستان ہے
دماغ اب نہین ہے جو تمہید کرے	کہ کل رات ہے اور یہہ داستان ہے
بھٹکتی تیری کبھی یہہ دل چاہتا ہے	تری شکر نعمت مین قاصر زبان ہے
ترا عہد یکسر خوشی ہے جو ہے سب	گنہگار سا ایک غم جھوٹ شان ہے
تری یان ہے سب راستی و درستی	مگر یا صدق سچ کا یہ خاندان ہے
زیارت کبھی صدق آتا ہے جسکی	ترا جبہہ سا آستان آستان ہے
لکھی کیا شہا کوئی ہمت کو تیری	جہان صبح اس خوان پہ یہہ نان ہے
زیادہ ہو یہہ وسعت رزق تیری	کہ مشرق سے تا غرب دستارخوان ہے
کری ہمسری کیا وہ خورشید او یہ	فلک پاس کیا ہے یہی ایک نان ہے
تری ہاتھ کی ریزش جود آگے	خجالت سے یہہ ابر قطرہ زنان ہے

مطلع رابع

قطعہ

جو میدانمین جنگ کی ہو یہ اشہب
تو گھوڑا نہ کہیو کہ پیل دمان ہے

لگی گر کہین ٹاپ طبق زمین پر
فلک صدمہ سے آنسو کے مکان ہے

دعا پر کرون ختم اب یہ قصیدہ
کہانتک کہون تو جنین ہے چنان ہے

رہے وقت ایسا ہی روز جزا تک
کہ جو دوست تیرا ہے تو شادمان ہے

تری عمر ہو میری طول امل سے
کرم کا سا سر رشتہ اک تیری ہان ہے

قصیدہ در مدح آصف الدولہ بہادر

رات کو مطلق نہ تھی یان جی کو تاب
آشنا ہوتا نہ تھا آنکھو نسے خواب

لوٹتا تھا سوز غم سے آگ مین
دل جگر سکتے تھے دونون جون کباب

ہر زبان تھی ساتھ اپنی گفتگو
کیا کرون شعر اور مین دونون خراب

تھام کر شیوا جنون کا اوٹھ گو
بیٹھے بیٹھے کھینچئے کب تک عذاب

جا لگی سکے در اور پر کون سے
لیجئے کس کو کون ملنے کا ہے باب

لے جوانی سے پھری پیری تلک
امتحان مین آ گئے سب شیخ و شاب

ناگہان مجھسے لگا کہنے سروش
رہگذر سے لطف کی کر کر خطاب

ہے کریم اب بھی وزیر ابن وزیر
آصف الدولہ فلک قدر و جناب

آسمان زینہ ہے جس کا آستان
تا ز کر طالع یہ جو ہو بار یاب

مطلع ثانی

گرد اس لشکر کی گر ہووے بلند — پھر زمین و آسمان مین ہووے حجاب

جاوے دشمن جون سگ پا سوختہ — وقت گرگ و میش کی منہ پر نقاب

داوری و منصفی سن دلبران — چھوڑ دین عشاق پہ کرنا عتاب

رفع بدعت چاہوے تو پھر کیا مجال — اٹھہ سکے جو نغمہ چنگ و رباب

منع مے ہووے تو پھر قدرت ہے کیا — جو گلی سے شیشی کی اوتری شراب

بحر کیا ہے جو کرے تجھ سے سوال — کوہ بڑی حلم کا کیا دے جواب

خوبیان ہین خوبیان سر تا قدم — تب کیا صانع نی تجکو انتخاب

لطف طبع صاحب مجلس کہون — یا لکھون پاکیزہ اس صحبت کا داب

نکلی مستعمل نہایت ورنہ شب — چاندنی کی جاے بچھتی ماہتاب

گر نہو ممدوح علم ظاہری — پر نہین ہوتی ہے بہرہ راے صواب

جو کہے تو چاہیے وہ لکھہ رکھین — حرف ہر یک تیری منہ کا ہے کتاب

کر دعا پر میر اب ختم سخن — تو کہے جو کچھہ کرے حق مستجاب

زیر دست اسکے رہین گردن کشان — تا قیامت وہ رہے مالک رقاب

دوست اسکے جوش زن جیسے محیط — خاک بر سر مدعی جیسے سراب

قصائد تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تھا مستعار حسن سے اوسکے جو نور تھا
خورشید مین بھی اوس ہی کا ذرہ ظہور تھا

ہنگامہ گرم کن جو دل ناصبور تھا
پیدا ہر ایک نالے سے شور نشور تھا

پہنچا جو آپ کو تو مین پہنچا خدا کے تئین
معلوم اب ہوا کہ بہت مین بھی دور تھا

آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ برق خرمن صد کوہ طور تھا

مجلس مین رات ایک ترے پرتوے بغیر
کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بے حضور تھا

منعم کے پاس قاقم و سنجاب تھا تو کیا
اوس رند کی بھی رات گذر گئی جو عور تھا

ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن اے سپہر
اوس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

اسکا منہ دیکھ رہا ہون سو وہی دیکھون ہون	نقش کا سا ہی سماں میری بھی حیرانی کا

بت پرستی کو تو اسلام نہین کہتے ہین
معتقد کون ہی میر ایسی مسلمانی کا

جامۂ مستیٔ عشق اپنا مگر کم گھیر تھا	دامن تر کا مرے دریا ہی کا سا پھیر تھا
دیر مین کعبی گیا مین خانقہ سی ابکی بار	راہ سی میخانی کی اوس راہ مین کچھ پھیر تھا

بلبلون نی کیا گل افشان میر کا مرقد کیا
دور سی آیا نظر تو پھولونکا اک ڈھیر تھا

اس عہد مین الٰہی محبت کو کیا ہوا	چھوڑا وفا کو اون نے مروت کو کیا ہوا
امیدوار وعدۂ دیدار مر چلے	آتے ہی آتے یارو قیامت کو کیا ہوا
کبتک تظلم آہ بھلا مرگ کے تئین	کچھ پیش آیا واقعہ رحمت کو کیا ہوا
اسکی گلی مین ایسی گئے دل سی ہمنشین	معلوم بھی ہوا نہ کہ طاقت کو کیا ہوا
بخشش نی مجکو ابر کرم کی کیا خجل	اے چشم جوش اشک ندامت کو کیا ہوا
جاتا ہی یار تیغ بکف غیر کی طرف	اے کشتۂ ستم تری غیرت کو کیا ہوا

تھی صعب عاشقی کی بدایت ہی میر پر
کیا جانیے کہ حال نہایت کو کیا ہوا

کام ہوئے ہیں سارے ضائع ہر ساعت کی سماجت سے
استغنا کی چوگنی ان نے جون جون میں ابرام کیا

ایسے آہوئے رم خوردہ کی وحشت کھونی مشکل تھی
سحر کیا اعجاز کیا جن لوگون نے تجھکو رام کیا

میر کے دین مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو ان نے تو
قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

چمن مین گل نے جو کل دعوی جمال کیا
جمال یار نے منہ اوسکا خوب لال کیا

فلک نے آہ تری رہ مین ہمکو پیدا کر
برنگ سبزۂ نورستہ پایمال کیا

رہی تھی دم کی کشاکش گلے مین کچھ باقی
سو اوسکی تیغ نے جھگڑا ہی انفصال کیا

مری اب آنکھین نہین کھلتین ضعف سے ہمدم
نہ کہہ کہ نیند مین ہے تو یہ کیا خیال کیا

بہار رفتہ پھر آئی ترے تماشے کو
چمن کو یمن قدم نے ترے نہال کیا

جواب نامہ سیاہی کا اپنی ہے وہ زلف
کسو نے حشر کو ہمسے اگر سوال کیا

لگا نہ دل کو کہین کیا سنا نہین تو نے
جو کچھ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا

دیکھے گا جو تجھ رو کو سو حیران رہے گا
وابستہ ترے مو کا پریشان رہے گا

وعدہ تو کیا اوس سے دم صبح کا لیکن
اوس دم تئین مجھ مین اگر جان رہے گا

منعم نے بنا ظلم کی رکھ گھر تو بنایا
پر آپ کوئی رات ہی مہمان رہے گا

دیکھا نہ ادہر دور سے بھی منتظرون نے
وہ رشک مہ عید لب بام نہ آیا

سو بار بیابان مین گیا محمل لیلی
مجنون کی طرف ناقہ کوئی گام نہ آیا

اس رنگ سے جھمکے ہے پلک پر کہ کہو تو	ٹکڑا ہے ترا اشک عقیق جگری کا
کل سیر کیا ہم نے سمندر کو بھی جا کر	تھا دست نگر پنجۂ مژگان کی تری کا
لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام	آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

ٹک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے
کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا

منہ تکا ہی کرے ہے جس تس کا	حیرتی ہے یہ آئنہ کس کا
شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے	دل ہوا ہے چراغ مفلس کا
تھے برے مغبچوں کے تیور لیک	شیخ میخانے سے بھلا کھسکا
داغ آنکھوں سے کھل رہے ہیں سب	ہاتھ دستہ ہوا ہے نرگس کا
بحر کم ظرف ہے بسان حباب	کاسہ لیس اب ہوا ہے تو جس کا
فیض اے ابر چشم تر سے اٹھا	آج دامن وسیع ہے اس کا

تاب کس کو جو حال میر سنے
حال ہی اور کچھ ہے مجلس کا

وہ اک روش سے کھولے ہوئے بال ہو گیا	سنبل چمن کا مفت میں پامال ہو گیا
الجھاؤ پڑ گیا جو ہمیں اس کے عشق میں	دل سا عزیز جان کا جنجال ہو گیا

تا بلد ہو کوئی رہ عشق مین پوچھے تو کہین — ہمرہ خضر کو یان کہتے ہین گمراہ سنا

کوئی ان طورون سے گذری ہے ترے غم مین مرے — گاہ تونے نہ سنا حال مرا گاہ سنا

خواب غفلت مین ہین یان سب تو عبث جاگا میر
بے خبر دیکھا اونہین مین جنہین آگاہ سنا

جب جنون سے ہمین توسل تھا — اپنی زنجیر پا ہی کا غل تھا

بستر اپنا چمن مین جون بلبل — نالہ سرمایۂ توکل تھا

یک نگہ کو وفا نہ کی گویا — موسم گل صفیر بلبل تھا

اون نے پہچان کر ہمین مارا — منہ نہ کرنا ادہر تجاہل تھا

شہر مین جو نظر پڑا اوسکا — کشتۂ ناز یا تغافل تھا

اتنے دل کو نہ تاب ہے نہ قرار — یاد ایام جب تحمل تھا

جا پھنسا دام زلف مین آخر — دل نہایت ہی بے تامل تھا

یون گئی قد کی خم ہوئے جیسے — عمر ایک رہرو سر پل تھا

خوب دریافت جو کیا ہمنے
وقت خوش میر نکہت گل تھا

آگے جمال یار کے معذور ہو گیا — گل اک چمن مین دیدۂ بے نور ہو گیا

تھی عشق کی وہ ابتدا جو موج سی اوٹھتی کبھو	آب دیدۂ تر کو جو تم دیکھو تو ہی گرداب سا
بھگی جو ہم مست آ گئی سو یار مسجد سی اوٹھا	واعظ کو مارے خوف کی کل لگ گیا جلاب سا

رکھہ ہاتھہ دل پر میر کی دریافت کر کیا حال ہی
رہتا ہی اکثر یہ جوان کچھ اندنون بیتاب سا

مر رہتی جو گل بن تو سارا یہ خلل جاتا	نکلا ہی نہ جی ورنہ کانٹا سا نکل جاتا
پیدا ہی کہ پنہان تھی آتش نفسی میری	مین ضبط نکرتا تو سب شہر یہ جل جاتا
مین گریۂ خونی کو روکی ہی رہا ورنہ	یکدم مین زمانی کا یان رنگ بدل جاتا
بن پوچھے کرم سی وہ جو بخش نہ دیتا تو	پرسش مین ہماری ہی دن حشر کا ڈھل جاتا
استادہ جہان مین تھا میدان محبت مین	وان رستم اگر آتا تو دیکھہ کی ٹل جاتا
وہ سیر کا وادی کی مائل نہوا ورنہ	آنکھون کو غزالون کی پاؤن تلی مل جاتا
بیتاب و توان یعنی مین کا ہیکو تلف ہوتا	یاقوتی تری لب کی ملتی تو سنبھل جاتا
اوس سیم بدن کو تھی کب تاب و تعب اتنی	وہ چاندنی مین شب کی ہوتا تو پگھل جاتا

مارا گیا تب گذرا بوسی تری لب کی
کیا میر بھی لڑکا تھا باتون مین بہل جاتا

سنیو جب وہ کبھو سوار ہوا	تا بروح الامین شکار ہوا

۱۹

کیا اعتبار یان کا پھر اوسکو خوار دیکھا
جس نے جہان مین آکر کچھ اعتبار پایا
آہون کی شعلی جس جا اوٹھتی تھی میر سی شب
وان جا کی صبح دیکھا مشت غبار پایا
اس دل نی ہمکو آخر یون خاک مین ملایا

آخر کو مر گیا ہین اوسکی ہی جستجو مین	جی کی تئین بھی کھویا لیکن وسے نہ پایا
لگتی نہین ہی دارو ہین سب طبیب حیران	اک روگ مین پھنسایا جی کو کہان لگایا
کھینچا اوسکی منھ کو جی مین ڈرا یہان تو	بارے وہ شوخ اپنی خاطر مین کچھ نہ لایا
ہوتا تھا مجلس آرا گر غیر کا تجھے تو	مانند شمع مجلس کاہی کو تئین جلایا

تھی یہ کہان کی یاری آئینہ رو کہ تو نی
دیکھا جو میر کو تو بے ہیچ منھ بنایا

شکوہ کرون مین کبتک اوس اپنے مہربانکا	القصہ رفتہ رفتہ دشمن ہوا ہے جانکا
گر لی یہ رنگ آیا قید قفس سی شاید	خون ہو گیا جگر مین اب داغ گلستانکا
لی جہاڑو ٹوکرا ہی آتا ہی صبح ہوتی	جاروب کش مگر ہی خورشید اوسکی بانکا
دی آگ رنگ گل نی وان اے صبا چمنکو	یان ہم جلی قفس مین سن حال آشیانکا
ہر صبح میری سر پر اک حادثہ نیا ہی	پیوند ہو زمین کا شیوہ اس آسمانکا

قطعہ

ان صید افگنون کا کیا ہو شکار کوئی	ہوتا نہین ہی آخر کام انکی امتحانکا
تب تو مجہی کیا تھا تیرون سی صید اپنا	اب کرتی ہین نشانہ ہر میری استخوانکا
ڈر اک جسکا اکثر لوہو مین تر رہی ہی	وہ قصد کب کری ہی اس صید ناتوانکا

سودائی ہو تو رکھی بازار عشق مین پا
سر مفت بیچتی ہین یہ کچھ چلن ہی وانکا
سودا کی ایک چشمک اتنا سلوک تو ہے
اوباش خانہ جنگ اس خوش چشم بدزبانکا

قطعہ

بارے گئی یاروا اپنی تو یونہین گذری
کیا ذکر ہم صفیران یاران شادمانکا

۲۰

[illegible]

٢١

سیر کے قابل ہے دل صد پارہ اس نخچیر کا
جس کے ہر ٹکڑے میں ہو پیوست پیکاں تیر کا

سب کھلا باغ جہان الا یہ حیران و خفا
جس کو دل سمجھے تھے ہم سو غنچہ تھا تصویر کا

بوے خون سے جی رکا جاتا ہے اے باد بہار
ہو گیا ہے چاک دل شاید کسو دلگیر کا

کیونکے نقاشی ازل نے نقش ابرو کا کیا
کام ہے اک میرے منہ پر کھینچنا شمشیر کا

رہگذر سیل حوادث کا ہے بے بنیاد دہر
اس خرابی میں نکرنا قصد تم تعمیر کا

بس طبیب اٹھ جا مری بالیں سے مت دے تصدیع
کام جاں آخر ہوا اب فائدہ تدبیر کا

نالہ کش ہیں عہد پیری میں بھی تیرے در پہ ہم
قد خمیدہ گشتہ ہمارا حلقہ ہے زنجیر کا

جو ترے کوچے میں آیا پھر وہیں گاڑا اسے
تشنہ خون میں تو ہوں اس خاک دامنگیر کا

خون سے میری ہوئی یکدم خوشی تجھ کو ولیک
مفت میں جاتا رہا جی ایک بے تقصیر کا

لخت دل سے جو بھری ہیں سو نکی کو ہرگز
فائدہ کچھ اے جگر اس آہ بے تاثیر کا

گو مجنوں سے نجاوینگے کہیں ہم لے بنوا
عیب ہے ہم میں جو چھوڑیں میر انہیں پیر کا

کس طرح سے مانیے یارو کہ یہ عاشق نہیں
رنگ اوڑا جاتا ہے ٹک چہرا تو دیکھو میر کا

شب درد و غم سے عرصہ مرے جی پہ تنگ تھا
آیا شب فراق تھی یا روز جنگ تھا

کثرت میں درد و غم کی نہ نکلی کوئی طپش
کوچہ جگر کی زخم کا شاید کہ تنگ تھا

کیا طرح ہے آشنا گاہے گہے نا آشنا
یا تو بیگانے ہی رہیے ہو جیے یا آشنا

پایمال صد جفا ناحق نہو اے عندلیب
سبزۂ بیگانہ بھی تھا اس چمن کا آشنا

کون سے یہ بحر خوبی کی پریشاں زلف ہے
آتی ہے آنکھوں میں میرے موج دریا آشنا

قطعہ

[illegible]

قطعہ

[illegible]

قطعہ

یون سنا جاہی کہ کرتا ہی سفر کا عزم میر — ساتھ اب بیگانہ وضعون کی ہمارا آشنا

شعر صائب کا مناسب ہے ہماری اور سی — سامنی اوسکے جو ہو گریہ کوئی جا آشنا

تا بجان با ما ہمیم و تا بمنزل دیگران — فرق باشد جان ما از آشنا نا آشنا

داغ ہی تاباں علیہ الرحمان کا چھاتی پہ میر
ہو نجات اوسکو بچارا ہمسے بھی تھا آشنا

گلکو محبوب ہم قیاس کیا — فرق نکلا بہت جو باس کیا

دل نی ہمکو مثال آئینہ — ایک عالم کا روشناس کیا

کچھ نہیں سوجھتا ہمیں اوس بن — شوق نی ہمکو بیحواس کیا

عشق میں ہم ہوئے نہ دیوانی — قیس کی آبرو کا پاس کیا

دور سی چرخ کی نکل نہ سکی — ضعف نی ہمکو مور طاس کیا

صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی — کیا پتنگی نی التماس کیا

ایسی وحشی کہاں ہیں ای خوبان
میر کو تم عبث اداس کیا

مفت آبروی زاہد علامہ لے گیا — اک مغبچہ اوتار کے عمامہ لے گیا

سیکڑون ہاتھ مین انکا الیں یار کی آنیکی لیک
عذر ہی چاہی چلا اوسکی دل دخواہ کا

گر کوئی پیر مغان مجکو کرے تو دیکھی پھر
میکدہ ساری کا سارا ہے جو صرف اللہ کا

کاش تیرے غم رسیدون کو بلادین حشر مین
ظلم ہے اک خلق پر آشوب اونکی آہ کا

جو سنا ہشیار اس میخانہ مین تھا بیخبر
شوق ہی باقی رہا ہمکو دل آگاہ کا

باندہ مت رشتے کا تار اے نا قباحت فہم حشیم
اس سے پایا جا ہے سر رشتہ جسکی چاہ کا

شیخ مت کر ذکر ہر ساعت قیامت کا کہ ہے
عرصہ محشر نمونہ اوسکی بازی گاہ کا

شہر مین کس منہ سے آوے ساقیا ہے کہ شوخ
چھائیون سے بھر رہا ہے سارا چہرا ماہ کا

سر فرو لاتی نہین ہمت مری ہر ایک کے پاس
ہون گدا تیرے آستانہ مین میر حضرت شاہ کا

ایسی گلی اک شہر اسلام نہین رکھتا
جس کوچہ مین وہ بت صد نام نہین رکھتا

آزار نہ دے اپنے کانون کی تئین اے گل
آغاز مرے غم کا انجام نہین رکھتا

ناکامی صد حسرت خوش لگتی نہین ورنہ
اب جی سے گذر جانا کچھ کام نہین رکھتا

ہو خشک تو بہتر ہے وہ ہاتھ بہاران مین
مانند نے نرگس جو جام نہین رکھتا

ہن اوسکی ہم آغوشی بیتاب نہین اب جی
مدت سے بغل مین دل آرام نہین رکھتا

مین شہرہ ہی تری واعظ مسجد ہی مین منہ آتا
پر کیا کرون ساتھ اپنے جام نہین رکھتا

[illegible]

دل سے بہت ... نکلا | | شب ... اوس مکان سے نکلا
بو سکی شیرین ... | | شہد یا فی ہو شان سے نکلا

نامرادی کی رسم سے بھی
طور ہمراس جوان سے نکلا

گرمی سے مین ... تنش شمع کی پگھل گیا | — | راتو ... جون شمع گل گیا
ہم خستہ دل مین تجسی بھی نازک مزاج | — | تیوری چڑہائی تو کہ یان جی نکل گیا
گرمی عشق مانع نشو و نما ہوئی | — | مین وہ نہال تھا کہ اوگا اور جل گیا
مستی مین ... کبھی ... تھا مین | — | لغزش بڑی ہوئی تھی ولیکن سنبھل گیا
ساقی نشہ مین تجسی ... | | ... دخت تاک کا ... گیا
ہر ذرہ خاک تیری گلی کی ہے بیقرار | | یان کون ستمزدہ ماٹی مین مل گیا

عریان تنی کی شوخی سے دیوانگی مین میر
مجنون کی دشت خار کا دامن بھی جل گیا

سنا ہی حال ترے کشتگان بیچارون کا | | ہوا نہ گور گڑہا اون ستم کے مارون کا
ہزار رنگ کھلی گل چمن کو ہین شاہد | — | کہ روزگار کی سر خون ہی ہزارون کا
بلا ہی خاک مین کس سطرح کا عالم یان | | نکل کی شہر سی ٹک سیر کر مزارون کا

[illegible]

... جہان مین ... تو رہا نام ...
... نکلا ...
... بجلی ...
... نکلا ...
... ہم بھی گنہگارون کا ...
عبار ... ہم بھی عاشق ... نکلا

[illegible]

تلوار مار تا تو تمہیں کھیل ہو چکے — جاتا رہے یہ غم جہان کسو بیگناہ کا
بدنام و خونخوار و زار و شکستہ حال — احوال کچھ نہ پوچھیے بس روسیاہ کا
ظالم زمین سے لوٹتا دامن اٹھا کے چل — ہوگا کمین میں ہاتھ کسو دادخواہ کا
ای تاج شہ نہ سر کو فرو لاؤں تیرے پاس — ہو معتقد فقیر نمد کی کلاہ کا

بیمار تو نہ سودا جی جب تلک کہ صبح
سونے نہ دیگا شور تری آہ آہ کا

دل سے شوق رخ نکو نہ گیا — جھانکنا تاکنا کبھو نہ گیا
ہر قدم پر تھی اوسکی منزل لیک — سر سے سودائے جستجو نہ گیا
سب گئی ہوش و صبر و تاب و توان — لیکن ای داغ دل سے تو نہ گیا
دل میں کتنے مسودے تھے ولے — ایک پیش اوسکے روبرو نہ گیا

سبحہ گردان ہی میر ہم تو رہے
دست کوتاہ تا سبو نہ گیا

گل و بلبل بہار میں دیکھا — ایک تجھکو ہزار میں دیکھا
جل گیا دل سفید ہین آنکھیں — یہ تو کچھ انتظار میں دیکھا
آبلے کا بھی ہونا دامنگیر — تیرے کوچے کے خار میں دیکھا

رہے خیال تنک ہم بھی روسیاہوں کا
لگے ہو خون بہت کرنے بیگناہوں کا

نہین ستارے یہ سوراخ پڑ گئے ہین تمام
فلک حریف ہوا تھا ہماری آہوں کا

گلی مین اسکی پھٹے کپڑون پر مرے مت جا
لباس فقر ہے وان فخر بادشاہوں کا

تمام زلف کے کوچے ہین پیچ پیچ اوسکے
تجھی کو آوے دلا چلنا ایسی راہوں کا

اسے جو خوبی سے لائے تجھے قیامت مین
تو حرف کن نے کیا گوش داد خواہوں کا

تمام عمر رہین خاک زیر پا اوسکے
جو زور کچھ چلے ہم عجز دستگاہوں کا

کہاں سے تہ کرین پیدا ای ناظمان جہان
کہ پیچ باقی ہے کام ان جلاہوں کا

حساب کا میکیا روز شمار مین مجھسے
شمار ہی نہین ہے کچھ مرے گناہوں کا

تری جو آنکھین ہین تلوار کی تلی بھی دہار
فریب خوردہ ہے تو میر کن نگاہوں کا

اسکا خرام دیکھکے جایا نہ جائیگا
ای کبک پھر بحال بھی آیا نہ جائیگا

ہم کشتگان عشق ہین ابرو و چشم یار
سر سے ہمارے تیغ کا سایہ نہ جائیگا

ہم رہروان راہ فنا ہین برنگ عمر
جاوینگے ایسے کھوج بھی پایا نہ جائیگا

پھوڑا سا ساری رات جو پکتا رہیگا دل
تو صبح تک تو ہاتھ لگایا نہ جائیگا

اپنے شہید ناز سے بس ہاتھ اٹھا کہ ہے
دیوان حشر مین اسے لایا نہ جائیگا

۲۷

اب سعی کر سپہر کہ میرے سوئے گئے	اسکا مزاج مہر پہ آیا تو کیا ہوا
مست رنجہ کر کسیکو کہ اپنی تو اعتقاد	دل ڈھا کیر جو کعبہ بنایا تو کیا ہوا
مین صید ناتوان بھی تجھپر گیا کرونگا یاد	ظالم اک اور تیر لگایا تو کیا ہوا
کیا کیا دعائین مانگی ہین خلوتمین شیخ یون	ظاہر جہان سے ہاتھ اوٹھایا تو کیا ہوا
ویرانہ کر کہ چاک جگر یاد ہے القیام	ناصح جو تو نے جامہ سلایا تو کیا ہوا

جیتے تو میر ان نے مجھے داغ ہی رکھا
پھر گور پر چراغ جلایا تو کیا ہوا

گرچہ سردار مزون کا ہے امیری کا مزا	چھوڑ لذات کی تئین تو فقیری کا مزا
ایک آزادی ہی ملک چکھ نمک مرغ کباب	تا تو جانے کہ یہ ہوتا ہے اسیری کا مزا

ہمتو گمراہ جوانی کے مزون پر ہین میر
حضرت خضر کو ارزانی ہو پیری کا مزا

دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا	رات کو سینہ بہت کوٹا گیا
طائر رنگ حنا کی سی طرح	دل نہ اسکے ہاتھ سے چھوٹا گیا
مین نہ کہتا تھا کہ منہ کر دلکی اور	اب کہان وہ آئینہ ٹوٹا گیا
دلکی ویرانی کا کیا مذکور ہے	یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

اس کہنہ خرابے مین آبادی نہ کر منعم
یک شہر نہین یان جو صحرا نہوا ہوگا
آنکھون سے تری ہمکو ہے چشم کہ اب ہووے
جو فتنہ کہ دنیا مین برپا نہوا ہوگا
یک قطرہ نہ دیکھا جو دریا نہوا ہوگا
صد نشتر مژگان کے لگنے سے نہ نکلا خون
آگے تجھے میر ایسا سودا نہوا ہوگا

مجلس مین تری ہم کبھو بار نہ پایا
تصویر کی مانند گذری ہی ہم گذر گئے

سونپی تھی جو تقدیر ہر اک شخص کو جسسے
اس دل کو ترا تیر نگہ یار نپایا

مرغ ٹھہرے نہین نیک کبھی پی نہ کسی نا اہل
اس باغ مین ہمنے گل بیخار نپایا

دم بہر جیون مجھ مین نہ محسوس تھا جسے
جاتے ہین سر یار دن تو اک تار نپایا

آئینہ بھی حیرت سے محبت کی ہوئی ہم
پر سیر ہوا اس شخص کا دیدار نپایا

وہ کھینچکے شمشیر ستم رہ گیا جو ہم
خون ریزی کا یان کوئی سزاوار نپایا

کیا مرے آنے پہ تو اے بت مغرور گیا
کبھی اس راہ سے نکلا تو تجھے گھور گیا

لگیا صبح کی نزدیک مجھے خواب اے داکر
آنکھ اس وقت کھلی قافلہ جب دور گیا

کور سے نالہ نہین اوٹھتے تو نہ اگتے ہی
جی گیا پر نہ ہمارا سر پر شور گیا

چشم خون بستہ سے کل رات لہو پھر ٹپکا
ہمنے جانا تھا کہ بس اب تو یہ ناسور گیا

ناتوان ہم ہین کہ ہین خاک گلی کی اسکے
اب تو بیطاقتی سے دلکا بھی مقدور گیا

لے کہین منہ پہ نقاب اپنے گرا ای غیرت صبح
شمع کی چہرۂ رخشان سے تو اب نور گیا

نالہ میر نہین رات سے سنتے ہم لوگ
کیا ترے کوچے سے اے شوخ وہ رنجور گیا

خواہ مجھسے لگ گیا اب خواہ مجھسے مل گیا
کیا کہون ای ہمنشین مین تجھ سے حاصل دل گیا

وہ دن گئی کہ آنکھیں دریا سی بہتیان ہین | سوکھا پڑا ہوا ہو مدت سے یہ دوآبا
باہم ہوا کرین ہین دن رات نیچے اوپر | یہ نرم شانے لونڈی ہین مخمل دوخابا
اِن صحبتون مین آخر جانین ہی جاتیان ہین | نے عشق کو ہی صرفہ نی حسن کو محابا
ہر چند ناتوان ہین پر آگیا جو جی مین | دینگی ملا زمین سی تیرا فلک قلابا
منہ دہو تو وقت اوسکا اکثر دکھائی دی ہی | خورشید لی رہا ہے اک روز آفتابا
اب شہر ہر طرف سی میدان ہوگیا ہی | پہیلا تھا اس طرح کا کاہیکو یان خرابا

دل تفتگی کی اپنی ہجران مین شرح کیا دون
چھاتی تو میر میری جلکر ہوئی ہی تابا

دیکھہ اب فراق کا ہم سی سہا نہین جاتا | پھر اس پہ ظلم ہی کچھہ کہا نہین جاتا
ہوئی ہی اتنی تری عکس لف کی حیران | کہ موج بحر سی مطلق بہا نہین جاتا
نہین گذرتی گھڑی کوئی مجھہ خراب آہ | کہ جس مین غم سی تری جی ڈہا نہین جاتا
ستم کچھہ آج گلی مین تری نہین مجھپر | کب آکی خون مین مین یان نہا نہین جاتا

خراب مجھکو کیا اضطراب دل نی میر
کہ ٹک بھی اوس کنی اوس بن رہا نہین جاتا

سمجھے تھی میر ہم کہ یہ ناسور کم ہوا | پھر ان دنون مین دیدۂ خونبار نم ہوا

قطعہ

قطعہ

٢٩

قطعہ

افسوس کی بھی چشم تھی ولنسو خلاف عقل
بار علاقہ سے تو عبث پشت خم ہوا
اہل جہان ہین سارے ترے جیتے جی تلک
پوچھینگے بھی نہ بات جہان تو عدم ہوا

نمود کر کے وہین بحر غم مین بیٹھہ گیا
کہے تو میر بھی اک بلبلا تھا پانی کا

ہوا مین سجدہ مین پر نقش میرا بار رہا
اوس آستان پہ مری خاک سے غبار رہا

جنون نہین ایکبھی مجہے اپنے دل کا غم ہی ہے حیف
خبر لی جب کہ نہ جامے مین ایک تار رہا

بشر ہو وہ پہ کہلا جب سے اوسکا دام زلف
سر رہ اوسکی فرشتے ہی کا شکار رہا

کبھو نہ آنکھون مین آیا وہ شوخ خواب کیطرح
تمام عمر ہمین اوسکا انتظار رہا

شراب عیش میسر ہوئی جسے یکشب
پھر اوسکو روز قیامت تلک خمار رہا

قطعہ

بتان کے عشق نے بے اختیار کر ڈالا
وہ دل کہ جسکا خدائی مین اختیار رہا

وہ دل کہ شام و سحر جیسے پکا پہوڑا تھا
وہ دل کہ جس سے ہمیشہ جگر فگار رہا

تمام عمر گئی اوسپہ ہاتھہ رکھتے ہمین
وہ دردناک علی الرغم بیقرار رہا

ستم مین غم مین سر انجام اوسکا کیا کہیے
ہزارون حسرتین تھین تس پہ جیکو بار رہا

بہا تو خون ہو آنکھون کی راہ سے نکلا
رہا جو سینۂ سوزان مین داغدار رہا

سو اوسکو ہمنے فراموش کاریون کیے گئے
کہ اوس کا قطرہ خون بھی نہ یادگار رہا

(۱) گلی مین اوسکی گیا سو گیا نہ بولا پھر

آج رہتی نہیں خامے کی زبان رکھیو معاف
حرف کا طول بھی جو میر گھٹایا نہ گیا

گلی میں اسکی سے جو بو آئی تو آیا نہ گیا	ہمکو بن دوش ہوا باغ سے لایا نہ گیا
ان جو نکلی سر منہ سے تو افلاک کے پاس	اسکی آشوب کی عہدی سے بر آیا نہ گیا
نکل نے ہر چند کیا غمین رہ پر اوس بن	جی بھی جو چاہا تو کسی طرح لگایا نہ گیا
سر نشین سے جو یگانہ ہون مین کیا جانون	رسم مسجد کے تئین شیخ کہ آیا نہ گیا
حیف وہ جسکو وہ اسوقت میں نچا جو قت	ان کنے حال اشارون سے بتایا نہ گیا
خطر راہ محبت کہین جو حرف مٹے	جس سے اوس طرف تو قاصد سے چلایا نہ گیا
خوف آشوب سے غوغائے قیامت کے لیے	خون خوابیدہ عشاق جگایا نہ گیا

میر بیت عذر گریبان کے پھٹے رہنے کا کر
زخم دل چاک جگر تھا کہ سلایا نہ گیا

ادہر آکر شکار افگن ہمارا	مشبک کر گیا ہے تن ہمارا
گریبان سے رہا کوتہ تو پھر ہی	ہماری ہاتھ مین دامن ہمارا
گئے جون شمع اس مجلس سے جلتے	سبھون پر حال ہے روشن ہمارا
بلا جس چشم کو کہتے ہین مردم	وہ ہے عین بلا مسکن ہمارا

نگر دیوانہ تھا گل بھی کسو کا	کہ پیراہن مین سو جا گہہ رفو تھا
کہین کیا بال تیرے کھل گئے تھے	کہ جھوکا باؤ کا کچھ مشک بو تھا

نہ دیکھا میر آوارہ کو لیکن
غبار اک ناتوان سا کو بکو تھا

راہ دور عشق مین روتا ہے کیا	آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا
قافلے مین صبح کی اک شور ہے	یعنی غافل ہم چلے سوتا ہے کیا
سبز ہوتی ہی نہین یہ سرزمین	تخم خواہش دل مین تو بوتا ہے کیا
یہ نشان عشق ہین جاتی نہین	داغ چھاتی کی عبث دھوتا ہے کیا

غیرت یوسف ہے یہ وقت عزیز
میر اوسکو رایگان کھوتا ہے کیا

رونا تک اک تھا تو غم بیکران سہا	دس دن رہے جہان مین ہم سو رہا دکھا
پہلو مین اک گرہ سی تھی خاک ساتھ ہی	شاید کہ مر گئے پہ بھی خاطر مین کچھ رہا
آنکھون نے راز داری محبت کی خوب کی	آنسو جو آتے آتے رہے تو لہو بہا
آئی تھی ایک امید پہ تیری گلی مین ہم	سو آہ اسطرح سے چلے لو ہو مین نہا

کس کس طرح سے میر نے کاٹا ہے عمر کو

لکنت تری زبان کی ہی سحر جس سے شوخ
یک حرف نیم گفتہ سے دل پر اثر گیا

بی شرم محض ہی وہ گنہگار جس کی میر
ابر کرم کے سامنی دامان تر گیا

ناکسی سی پاس میری یار کا آنا گیا
بس گیا میں جان سے اب اوس سے جانا گیا

کچھ نہ دیکھا پھر بجز یک شعلہ پر پیچ و تاب
شمع تک ہم نی تو دیکھا تھا کہ پروانا گیا

ایک ہی چشمک تھی فرصت صحبت حباب کی
دیدۂ تر ساتھ لی مجلس سی پیمانا گیا

گل کھلی صد رنگ تو کیا بی پری سی اے نسیم
مدتیں گذریں کہ وہ گلزار کا جانا گیا

دور بجسب میر کی ایسا تعجب کیا ہے شوخ
گل بجوہن ریکھا اوسی مطلق نہ پہچانا گیا

ہاتھ سی تیری اگر میں ناتوان مارا گیا
سب کہیں گی یہ کہ کیا اک نیمجان مارا گیا

اک نگہ سی بیش کچھ نقصان نہ آیا اس تلک
اور میں بیچارہ تو ہی مہربان مارا گیا

وصل و ہجران یہ جو دو منزل ہیں راہ عشق کی
دل غریب ان میں خدا جانی کہاں مارا گیا

دل کی سر کھینچا ہے یاں عشق میں ابوالہوس
وہ سراپا آرزو آخر جوان مارا گیا

کب نیاز عشق ناز حسن سی کھینچی ہی ہاتھ
آخر آخر میر سر بر آستان مارا گیا

قطعہ

غافل ہو رہیو ہرگز نادان داغ دیسی
بھڑکی گا جب یہہ شعلہ تب گھر جلا رہیگا

مرنی پہ اپنی مت جا سالک طلب مین آگے
گو سر کو کھو رہیگا پر اسکو پا رہیگا

عمر عزیز ساری دل ہی کی غم مین گزری
بیمار عاشقی یہہ کس دن بھلا رہیگا

دیدار کا تو وعدہ محشر مین دیکھکر گئے
بیمار غم مین تیری تب تک تو کیا رہیگا

کیا ہی سجاو ٹھہ گیا ہی پر لبستہ وفا ہی
قید حیات مین ہے تو میر آ رہیگا

جو یہہ دل ہی تو کیا سرانجام ہوگا
تہ خاک بہی خاک آرام ہوگا

مرا جی تو آنکھون مین آیا یہہ سنتی
کہ دیدار بہی ایک دن عام ہوگا

نہوگا وہ دیکھا جسی کبک تو نی
وہ اک باغ کا سرو اندام ہوگا

نہ نکلا کر اتنا بہی بی پردہ گہر سے
بہت اسمین ظالم تو بدنام ہوگا

ہزارونکی یان لگ گئین چہت سی آنکھین
تو ای ماہ کس شب لب بام ہوگا

جگر چاکی ناکامی دنیا ہی آخر
نہین آتے جو میر کچہہ کام ہوگا

خواب مین تو نظر جمال پڑا
پر مری جی ہی کی خیال پڑا

وہ نہانی لگا تو سایۂ زلف
بحر مین تو کہی کہ جال پڑا

بارہا گور دل جھکا لایا	اب کی شرطِ وفا بجا لایا
قدر رکھتی نہ تھی متاعِ دل	سارے عالم مین مین دکھا لایا
دل کہ یک قطرہ خون نہین ہی بیش	ایک عالم کی سر بلا لایا
سب پہ جس بار نے گرانی کی	اوسکو یہ ناتوان اوٹھا لایا
دل مجھی اوس گلی مین لی جا کر	اور بھی خاک مین ملا لایا
ابتدا ہی مین مر گئی سب یار	عشق کی کون انتہا لایا

اب تو جاتی ہین بتکدی سی میر
پھر ملینگے اگر خدا لایا

کیا عجب پل مین اگر ترک ہو وی جا بکا	ہو جو زخمی کسو برہم زدن مژگان کا
اوٹھتی پلکون کی گری پڑتی ہی لاکھون آنسو	ڈول ڈالا ہی مری آنکھون نی طوفان کا
جلوۂ ماہ تہِ ابرِ تنک بھول گیا	ان نی سوتی مین دوپٹی سی جو منہ ڈھانکا
لسو لگتا ہی پلکنی جو پلک مارون ہون	اب تو یہ رنگ ہی اس دیدۂ اشک افشان کا
اوٹھ گیا ایک تو اک مرنی کو آ بیٹھی ہی	قاعدہ ہی یہی مدت سی ہماری یان کا
کار اسلام ہی مشکل تری خال و خط سی	رہزن دین ہی کوئی دزد کوئی ایمان کا

چارۂ عشق بجز مرگ نہین کچھ ای میر

دکانین حسن کی آگی تیرے تختہ ہوئی ہوگی
جو تو بازار مین ہوگا تو یوسف کب بکا ہوگا

معیشت ہم فقیرونکی سی اخوان زمان سے کر
کوئی گالی بھی دے تو کہہ بھلا بھائی بھلا ہوگا

خیال اس بیوفا کا ہمنشین اتنا نہین اچھا
گمان کہتی ہو ہم بھی یہ کہ ہم سی آشنا ہوگا

قیامت کر گیا اب تعبیر جسکو کرتی ہے خلقت
وہ اوس کوچے مین اک آشوب سا شاید بپا ہوگا

عجب کیا ہے ہلاک عشق مین فرہاد و مجنونکی
محبت روگ ہے کوئی کہ کم اس سے جیا ہوگا

منہ کیون غیرت گلزار وہ کوچہ خدا جانے
لہو اوس خاک پر کن کن عزیزونکا گرا ہوگا

بہت ہمسائی اس گلشن کی زنجیری رہا ہونگی
کبھو تمنے بھی میر اشوب نالون کا سنا ہوگا

نہین جز عرش جا کہ راہ مین لینی کو دم اسکی
قفس سے تن کے مرغ روح میرا جب رہا ہوگا

کہین ہین میر کو یار آ گیا شب اوسکی کوچے مین
کہین [illegible] ہوگا

بیان نام یار کس کا ورد زبان نپایا
پھر مطلقا کہین ہم اوسکا نشان نپایا

وضع کشیدہ اوسکی رکھتی ہے داغ سب کو
نیو تا کسیو سے ہم وہ ابرو کمان نپایا

پایا نہ یون کہ کریے اوسکی طرف اشارہ
یون تو جہان مین ہمنے اسکو کہان نپایا

یہ دل کہ خون ہو کر بہ جاتا وگرنہ
وہ کونسی جگہ تھی اوسکو جہان نپایا

فتنے سے گرچہ باعث آفاق مین تہی
لیکن کمر کو اسکی ہم درمیان نپایا

سنیدگو ہون نہ بست سینی کی بد برن کین
تیر اکوچہ ہے ستمگار وہ کافر جا نگف

سرسے باندہا ہی کفن عشق مین تیرے یعنے
کیونکہ پڑتی ہے ترے پانون نسیم سحری

تو بھی رونے کو بلا دل ہمارا بہی بہرا
اُٹھ تا بت بھی نہ نکلا جیے کہ بیابان یکجا

کہ جہان مارے گئے کتنے مسلمان یکجا
تیغ پہنے بہی کیا ہے سروسامان یکجا

اوسکے کوچے مین ہے صحن گنج شہیدان یکجا
ہو جی لے ابر بیابان مین گریان یکجا

بیٹھکر سیر جہان خوب نہ دیکھا ہو گئے
ایسا کوچہ نہین ہے تیرا ہی جانان یکجا

فلک کا منہ نہین اس فتنے کے اوٹھانے کا
ہمارے ضعف کی حالت ہے دل تو کہتے

ستم شریک ہوا تا نہ ہے زمانے کا
کہین بیان نہین ہیان جہان آنے کا

تری ہے سر راہ مین بیٹھ کے گئی سی آخر
سفر تو ہم کو ہے نیش بہی جانے کا

لبان شمع جو مجلس سے ہم گئے تو گئے
سراغ کیجیو نہ پھر تو نشان پانی کا

چمن مین دیکھ نہین سکتی تک کہ چہپتا ہے
جگر مین برق کا کانٹا ہے آشیانے کا

تک آتو تا سر بالین نہ کر تغافل کیا
تجھے بہی شوق ہے وقت ہو بیانی کا

قطعہ

سر اتار دون نے ترا ہاتھ جب نے دیکھا زخم — شہید ہون تیغ کی تیغ کی لگانے کا

لبریز شکوہ تھے ہم لیکن حضور تیرے — کار شکایت اپنا گفتا تک نہ پہنچا

سب دیدہ چشم نم رسیدہ پانی چرانی کوئی — وقت اخیر اوسکی بیا تک نہ پہنچا

میرہ محبت سبز دیکھو باغ زمانہ میں سے — پژمردہ گل ہی اپنی دستار تک نہ پہنچا

قطعہ

مستور ہی خوبی ہمی وفور جمع ہو دین — خوبی کا کام کسکی اظہار تک نہ پہنچا

یوسف سی لیکے تا گل پھر گل سی لیکے تا شمع — یہ حسن کسکو لیکر بازار تک نہ پہنچا

افسوس میر ہے جو ہوئی شہید آئے
پھر کام ان کا اوسکی تلوار تک نہ پہنچا

اسکا خیال چشم سے شب خواب لے گیا — قسمی کہ عشق جی سے مری تاب لے گیا

کن نیند یوں اب تو سوتی ہی اے چشم گریہ ناک — مژگان تو کھول شہر کو سیلاب لے گیا

آوے جو مصطبع میں تو سن لو کہ راہ سے — واعظ کو ایک جام مئے ناب لے گیا

نے دل رہا بجا ہی نہ صبر و حواس و ہوش — آیا جو سیل عشق سب اسباب لے گیا

میرے حضور شمع نے گریہ جو سر کیا — رویا میں اسقدر کہ مجھے آب لے گیا

احوال اس شکار زبون کا ہی جای رحم — جس ناتوان کو مفت نہ قصاب لے گیا

منہ کی جھلک سے یار کے بیہوش ہو گئی

قطعہ

تلوار کی لاگ کو مرے کھینچ جوا لا	دشمن نہ کدورت سے مرے سامنے ہووے
رستم تو مرے تیغ کا حملہ نہ سنبھالا	ناموس مجھے جان کی ملنیت کی ہے ورنہ

دیکھی ہی نہی جو دیدہ پر چشم سے وہ میر
میرے ہی نصیبوں میں تھا یہ زہر کا پیالا

اک وقت میں یہ دیدہ بھی طوفان رو چکا	چل میں جہاں کو دیکھتے میری ڈبو چکا
پچھتایا یوں ہی سا سے جو ہونا تھا ہو چکا	افسوس ہے کہ مرے مردہ آشنا نگر اب
آنکھیں اگر کبھی ہیں تو بھر نیند سو چکا	لگتی نہیں پلک سے پلک انتظار میں
جھپکی لگی کہ دور یہ آخر ہی ہو چکا	یک چشمک پیالہ ہے ساقی بہار عمر
اس سرزمین میں تخم محبت میں بو چکا	ممکن نہیں کہ گل کرے ویسی شگفتگی
میں بنچہ ثمرہ سے سمندر بلو چکا	پایا نہ دل بہایا ہوا سیل اشک کا

ہر صبح حادثے سے یہ کہتا ہے آسمان
وہی جام خون میر کو گر منہ وہ دھو چکا

ہے ختم اس آبلے پر سیر و سفر ہمارا	دیر و حرم سے گذرے اب دل ہے گھر ہمارا
ان برچھیوں نے ہاتا باہم جگر ہمارا	پلکوں سے تیری ہمکو کیا چشم داشت تھی یہ
کیا جانتی کہ اوس میں دل ہے کدھر ہمارا	دنیا و دین کے جانب میلان ہو تو کہتے

چوری میں دل کے وہ ہنر کر گیا — دیکھتے ہی آنکھ میں گھر کر گیا

دیر میں میں خاک بسر ہی رہا — عمر کو اس طور بسر کر گیا

دل نہیں ہے منزل سینہ میں اب — یاں سے وہ بیچارہ سفر کر گیا

حیف جو وہ نسخۂ دل کے ادھر — سرسری سے ایک نظر کر گیا

کس کو مرے حال سے تھی آگہی — نالۂ شب سب کو خبر کر گیا

گو نہ بچا تا شرہ تیر نگاہ — اپنے جگر سے تو گذر کر گیا

مجلس آفاق میں پروانہ ساں — میر بھی شام اپنی سحر کر گیا

واں وہ تو گھر سے اپنے پی کر شراب نکلا — یاں شرم سے عرق میں ڈوب آفتاب نکلا

آیا جو واقعے میں درپیش عالم مرگ — یہ جاگنا ہمارا دیکھا تو خواب نکلا

دیکھا جو اوس پڑتے گلشن میں ہم تو آخر — گل کا وہ روے خنداں چشم پر آب نکلا

پردے ہی میں چلا جا خورشید تو تو بہتر — اک حشر ہے جو گھر سے وہ بے حجاب نکلا

کچھ دیر بھی لگی نہ دل کو تو تیر لگتے — اس صید ناتواں کا کیا ہی شتاب نکلا

ہر حرف غم نے میرے مجلس کے تیں رلایا — گویا غبار دل کا پڑھتا کتاب نکلا

روے عرق فشاں کو بس پونچھیے گو مت — اس گل میں کیا رہے گا جب یہ گلاب نکلا

ایسی بت بی مہر سے ملتا ہی کوئی بھی
دل فقیر کو بھاری تھا جو تجھ سے لگایا

دل جو زیر غبار اکثر تھا — کچھ مزاج اندنون مکدر تھا
اوسپہ تکیہ کیا تو تھا لیکن — رات دن ہم تھی اور بستر تھا
سر سری تم جہان سی گذری — ورنہ ہر جا جہان دیگر تھا
دل کی کچھ قدر کرتی رہیو تم — یہہ ہمارا بھی ناز پرور تھا
بعد ایک عمر جو ہوا معلوم — دل اوس آئینہ رو کا پتھر تھا
بار سجدہ ادا کیا تہ تیغ — کب سے یہ بوجھ میری سر پر تھا
کیون نہ ابر سیہ سفید ہوا — جب تلک عہد دیدۂ تر تھا
اب خرابا ہوا جہان آباد — ورنہ ہر یک قدم پہ یان گھر تھا

قطعہ

بے زری کا نکر گلہ غافل — رہ تسلی کہ یون مقدر تھا
اتنے منعم جہان مین گذرے — وقت رحلت کے کس کنے زر تھا
صاحب جاہ و شوکت و اقبال — اک ازان جملہ اب سکندر تھا
تھی یہہ سب کائنات زیر نگین — ساتھ مور و ملخ سا لشکر تھا

دیکھو جب میں چلتی ہیں غربت وطنکی تلاش
تیرے کوچے میں مگر سایۂ دیوار نہ تھا

صد گلستان تہ یک بال تھی وسکی تہ یک
طائر جان قفس تن کا گرفتار نہ تھا

حیف سمجھا ہے نہ وہ قاتل نادان ورنہ
بیگنہ مارنے قابل یہ گنہگار نہ تھا

عشق کا جذب ہوا باعث سودا ورنہ
یوسف مصر زلیخا کا خریدار نہ تھا

نرم تر موم سے بھی ہمکو کوئی دیتی قضا
سنگ چھاتی کا تو یہہ دل ہمیں درکار نہ تھا

رات حیران ہوں کچھ چپ ہی مجھے لگ گئی میر
درد پنہاں تھی بہت پر لب اظہار نہ تھا

سبھی اپنا میں نے تیرے لئے خوار ہو دیا
آخر کو جست وجوئی تری مجھکو کھو دیا

بی طاقتی سکون نہیں رکھتی ہے ہمنشین
رونے نے ہر گھڑی کی مجھی تو ڈبو دیا

ہوا ہے اس میں میں نہ ہوگا گل امید
یاں تخم یاس اشک کو میں بھرکے بو دیا

کیوں چھپا جو میں نے درد محبت سے میر کو
رکھ ہاتھ اون نے دل پہ پلک اپنی رو دیا

خط منہ پہ آئی جانان خوبی یہ جان لگا
تا چار عاشقوں کو رخصت سے یان دل لگا

سارے تھیں اعضا ہیں معرض تلف میں
یہ عشق بے محابا کسکو امان دیگا

پائی پر آبلہ سی میں گم شدہ گیا ہوں
سر خار بادیہ کا میرا نشان دیگا

کھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اسکی میر
سمند ناز پہ ایک اور تازیانہ ہوا

کیا اُن نے وہی کہ یاں جی وہاں رمیدہ تھا
رواشیان طائر رنگ پریدہ تھا

قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا
بیچارہ گریہ ناک گریبان دریدہ تھا

اک وقت ہمکو تھا سر گریہ کہ دشت میں
جو خار خشک تھا سو وہ طوفان رسیدہ تھا

جس صید گاہ عشق میں یاروں کا جی گیا
مرگ اس شکار گہ کا شکار رمیدہ تھا

مت پوچھ کسطرح سے کٹی رات ہجر کی
ہر نالہ میری جان کو تیغ کشیدہ تھا

حاصل نہ پوچھ گلشن مشہد کا بوالہوس
یہاں پھل ہر اک درخت کا حلق بریدہ تھا

دل بیقرار گریۂ خونین تھا رات میر
آیا نظر تو بسمل در خون طپیدہ تھا

کثرت داغ سے دل رشک گلستاں نہوا
میرا بدخواہ جو کچھ تھا وہ کبھو یاں نہوا

جی تو ایسے کئے صدقے کیے تجھ پر لیکن
حیف یہ ہے کہ تنک تو بھی پشیماں نہوا

آ دہیں کب کی کہ سرمایۂ دوزخ نہوے
کون سا اشک مرا منبع طوفاں نہوا

قطعہ

گو توجہ سے زمانے کی جہاں میں مجھکو
جاہ و ثروت کا میسر سر و ساماں نہوا

سر ملک ہند مین آلیا ہوا کہ میر
یہ ریختہ لکہا ہوا تیرا دکن گیا ٭

لخت جگر تو اپنی یک لخت رو چکا تہا — اشک فقط کا جہمکا انکہون مین لگ رہا تہا
دامن مین آج دیکہا پہر لخت مین لے آیا — ٹکڑا کوئی جگر کا پلکون مین رہ گیا تہا
اس قید جیب سے مین چہوٹا جنونکی دولت — ورنہ گلا یہ میرا جون طوق مین پہنسا تہا
مشت نمک کی خاطر اسواسطے ہون حیران — کل زخم دل نہایت دل کو مرے لگا تہا
ای گرد باد مت دی سر آن عرض وحشت — مین بہی کسو زمانی اس کام مین بلا تہا
سن کچہ کہی سنا ہے عالم سو مین نے کیا — پر تو نے یہ نجانا لے بیوفا کہ کیا تہا
روتی ہے شمع آتا ہر شب کہ کچہ نہ بوجہا — مین سوز دل کو اپنی مجلس مین کیون کہا تہا

قطعہ

سر مار کر ہوا تہا مین خاک اس گلی مین — سینے پہ مجکو اوسکا نقش پا رہا تہا
سو بخت تیرہ سے ہون پامالی صبا بہی — اس دن کے واسطے مین کیا خاک مین ملا تہا

قطعہ

یہ سرگذشت میری افسانہ جو ہوئی ہے — مذکور اسکا اوسکی کوچہ مین جا بجا تہا
سنکر کسی نے وہ بہی کہنی لگا تہا کچہ — بے درد کتنی بولی یان اوسکو کیا ہوا تہا

[illegible] عشق میں [illegible] اندیشہ راحت کا — ہوا اس ملک میں [illegible] درد و داغ و رنج و کلفت کا

زمیں یک صفحۂ تصویر بیہوشاں سے ماتا ہے — یہ مجلس جب سے ہے اچھا نہیں کچھ رنگ صحبت کا

جہاں جلوے سے اس محبوب کے یکسر لبالب ہے — نظر پیدا کر اول پھر تماشا دیکھ قدرت کا

ہنوز آوارۂ لیلیٰ ہے جان رفتہ مجنوں کے — موئے پر بھی رہا ہوتا نہیں وابستہ الفت کا

حریف بے جگر ہے صبر ورنہ کل کی صحبت میں — بنا زور نالہ کا جھگڑا اگر دیتا ایک جرأت کا

نگاہِ یاس بھی اس صید افگن پر غنیمت ہے — نہایت تنگ ہے اے صید بسمل وقت فرصت کا

خرابی دل کی اس حد ہے کہ یہ سمجھا نہیں جاتا — کہ آبادی بھی یاں تھی یا کہ ویرانہ تھا مدت کا

نگاہِ مست نے اس کی لٹائی خانقہ ساری — پڑا ہے برہم اب تک کارخانہ زہد و طاعت کا

قدم ٹک دیکھکر رکھ میر سر دل سے نکالیگا
پلک سے شوخ تر کانٹا ہے صحرائے محبت کا

جو اس شور سے میر روتا رہے گا — تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا

میں وہ رونے والا جہاں سے چلا ہوں — جسے ابر ہر سال روتا رہے گا

مجھے کام رونے سے اکثر ہے ناصح — تو کب تک مرے منہ کو دھوتا رہیگا

بس اے گریہ آنکھیں تری کیا نہیں ہیں — کہاں تک جہاں کو ڈبوتا رہے گا

مرے دل نے وہ نالہ پیدا کیا ہے — جرس کے بھی جو ہوش کھوتا رہیگا

مرا رنگ اوڑ گیا جسوقت سنگ محتسب آگے
مرا وعدہ ہی پہونچا تری انکے وعدے تک

تغافل سے گرے پڑا مینا و ساغر سو پر ہو ہوتا
ہوا میں موت سے سچا رہا ای شوخ تو جھوٹا

کف جانان سے کیا امکان ہائے میر کوئی ہو
اچنبا ہی جو اوسکی ہاتھہ سے رنگ حنا چھوٹا

برقع اوٹھا تھا رخ سے مرے بدگمان کا
دیکھا تو اور رنگ ہے سارے جہان کا

مت مانیو کہ ہوگا یہ بیدرد اہل دین
گر آوے شیخ پہن کے جامہ قرآن کا

خوبی کو اوسکے چہرے کی کیا پہنچے آفتاب
ہی اسمین اوسمین فرق زمین آسمان کا

ابلہ ہے وہ جو ہووے خریدار گلرخان
اس سودے مین صریح ہی نقصان جان کا

کچھہ اور لگاتی ہین جو رقیب اوسکی روبرو
دشمن ہین میری جان کے یہ جی ہر تان کا

تسکین اوسکی تب ہوئی جب چپ مجھے لگی
مت پوچھہ کچھہ سلوک مری بد زبان کا

قطعہ

یان بلبل اور گل پہ تو عبرت سے آنکہہ کہول
گلگشت سرسری نہیں اس گلستان کا

گل یادگار چہرہ خوبان ہے بیخبر
مرغ چمن نشان ہے کسو خوش زبان کا

تو برسون مین کہی ہے ملوگا مین میر سے
یان کچھہ کا کچھہ ہے حال ابھی اوس جوان کا

قطعہ

ہو گیا دل مرا ترک جب / درد نے قطعہ پیام کیا

یوں کی کج کلاہ لڑکون نے / کام عشاق کا تمام کیا

کوئی عاشق نظر نہین آتا / ٹوپی والون نے قتل عام کیا

عشق خوبان کو میر مین اپنا
قبلہ و کعبہ و امام کیا

رات پیاسا تھا میرے لوہو کا / ہون دوانہ تری سنک کو کا

شعلۂ آہ جیون تون اب مجھکو / فکر ہے اپنی ہر بن مو کا

ہے میرے یار کی مسون رکا شک / کشتہ ہون سبزۂ لب جو کا

بوسہ دینا مجھے نکر موقوف / ہے وظیفہ یہی دعاگو کا

شور قلقل کی ہو رہی تھی مانع / ریش قاضی پہ رات مین تھو کا

عطر آگین ہے باد صبح مگر / کھل گیا پیچ زلف خوشبو کا

اک دو ہون تو سحر چشم کہون / کارخانہ ہے وان تو جادو کا

قطعہ

میر ہر چند مین نے چاہا لیک / نہ چھپا عشق طفل بد خو کا

کہان تھا تو اس طور آفت سے میرے	گلی مین تری کل تماشا ہوا تھا
گریبان سے تب ہاتھ اوٹھایا تھا مینے	مرے اور دامان صحرا ہوا تھا

زہی طالع اے میر اون نے یہ پوچھا
کہان تھا تو اب تک تجھے کیا ہوا تھا

آہ کی تین دل حیران و ستمگار کو سونپا	مین نے یہ غنچہ تصویر صبا کو سونپا
تیری کوچے مین مری خاک بھی پامال ہوئی	تھا وہ بیدرد مجھے جن نے وفا کو سونپا

اب تو جاتا ہی ہی کعبے کو تو بتخانے سے
جلد پھر پہونچیو ای میر خدا کو سونپا

گلہ نہین ہے ہمین اپنی جان گدازی کا	جگر پہ زخم ہے اوسکی زبان درازی کا
سمند ناز نے اوسکی جہان کیا پامال	وہی ہی اب بھی اوسے شوق ترکتازی کا
ستم ہین تیرہ مین لوٹی شرابخانے کی	اوتار لیتے ہین عمامہ ہر نمازی کا
الٹ پلٹ مری آہ سحر کی کیا ہی ظلم	اگر خیال تمہین ہووے نیزہ بازی کا
بتاؤ ہمسے کوئی آن تم سے کیا بگڑی	نہین ہے تمکو سلیقہ زمانہ سازی کا
خدا کو کام تو سونپے ہین مین نے سب لیکن	رہی ہی خوف مجھے وان کی بی نیازی کا
چلو ہو راہ موافق کہے مخالف کی	طریق چھوڑ دیا ہمنے دل نوازی کا

سب گئے ہوش و صبر و تاب و تواں — دل سے اک داغ ہی جدا نہوا

ظلم و جور و جفا ستم بیداد — عشق میں تیرے ہم پہ کیا نہوا

ہم تو ناکام ہی جہاں میں رہے — یاں کبھو اپنا مدعا نہوا

میر افسوس وہ کہ جو کوئی
اوسکے دروازے کا گدا نہوا

یار عجب طرح نگہ کر گیا — دیکھنا وہ دل میں جگہ کر گیا

تنگ قبائی کا سماں یار کی — پیرہن غنچہ کو تہ کر گیا

جانا نہ اس بزم سے آیا تو کیا — کوئی گھڑی گو کہ تو رہ کر گیا

وصف خط و خال میں خوباں کے میر
نامۂ اعمال سیہ کر گیا

آہ سحر نے سوزش دل کو مٹا دیا — اس باد نے ہمیں تو دیا سا بجھا دیا

سمجھی نہ باد صبح کہ آکر اوٹھا دیا — اس فتنۂ زمانہ کو ناحق جگا دیا

پوشیدہ راز عشق چلا جاے تھا سو آج — بے طاقتی نے دل کی وہ پردا اوٹھا دیا

اس موج خیز دہر میں ہمکو قضا نے آہ — پانی کی بلبلے کی طرح سے مٹا دیا

تھی آگ اوسکی تیغ کو ہمکو سو عشق نے — دونوں کو معرکے میں گلے سے ملا دیا

اون نے تو تیغ کھینچی تھی پر جی چلا کے میر
ہمنے بھی ایکدم میں تماشا دکھا دیا

ردیف بای موحدہ

رکھتا ہے ہم سے وعدہ ملنے کا یار ہر شب
سو جاتے ہیں ولیکن بخت ہمارے ہر شب

اب وہ نہیں کہ آنکھیں تہیں پر آب روز و شب	ٹپکا کرے ہے آنکھوں سے خون ناب روز و شب
اک وقت رونے کا تھا ہمیں بھی خیال سا	آتی تھی آنکھوں سے چلی سیلاب روز و شب
اوسکے لئے نہ پھرتے تھے ہم خاک چھانتے	رہتا تھا پاس وہ در نایاب روز و شب
قدرت تو دیکھ عشق کی مجھ سے شکستہ کو	رکھتا ہے شاد بے خور و بے خواب روز و شب
سجدہ اوس آستان کا نہیں جن کو نصیب	رگڑا ہے سر میان محراب روز و شب
اب رسم ربط اوٹھ ہی گئی ورنہ پیش ازیں	بیٹھے ہی رہتے تھے ہم احباب روز و شب

دل کسکو رو دمو سی لگایا ہے میر نے
پاتی ہیں اوس جوان کو بیتاب روز و شب

رویا کیے ہیں غم سے ترے ہم تمام شب	پڑتی رہی ہے زور سے شبنم تمام شب
رکتے سے دل کے آج بچا ہوں تو اب جیا	چھاتی ہی میں رہا ہے مرا دم تمام شب
یہ اتصال اشک جگر سوز کا کہاں	روتی ہے یوں تو شمع بھی کم کم تمام شب

قطعہ

گذرا کسے جہان میں خوشی سے تمام روز	کسکی گئی نہ یاں میں بے غم تمام شب

شکوہ عبث ہے میر کہ کڑھتے ہیں سارے دن
یاں دل کا حال رہتا ہے درہم تمام شب

آئی گر کنعان سے باد مصر والے — نہ گئے تا بکلبۂ یعقوب
بن عصا شیخ یک قدم نہ رکھے — راہ چلتا نہیں ہے خر بے چوب
اس سے عشق میں نے چھوڑا تھا — تو بھی کہنے لگا بڑا کیا خوب
پی ہو مے تو سوچیا ہوں میں — محتسب آنکھوں پر ہے کچھ آشوب

میر شاعر بھی زور کوئی تھا
دیکھتے ہو نہ بات کا اسلوب

ردیف تا

روز نہ ملوں یار سے یا شب ہے ملاقات — کیا فکر کروں میں کہ کسو ڈھب ہے ملاقات
قد بخت کی یاری ہے کچھ جذب ہے کامل — وہ آپھی ملے تو ملے پھر جب ہو ملاقات
دوری میں کروں نالہ و فریاد کہاں تک — یکبار تو اوس شوخ سے یارب ہے ملاقات
جاتی ہے غشی بھی کبھو آتی ہیں بخود بھی — کچھ لطف اوٹھو یار اگر اب ہے ملاقات

وحشت ہے بہت میر کو مل آئیے چلکر
کیا جانیے پھر یاں سے گئے کب ہو ملاقات

سب ہوئے نادم پے تدبیر جانان سمیت — تیر تو نکلا مرے سینے سے لیکن جان سمیت
تنگ ہو جاوے گا عرصہ خفتگان خاک پر — گر ہمیں زیر زمین سونپا دل نالان سمیت

[illegible]

پھر کہیں دن میں شہر چھپا کے پوچھا
اب ہو نہ گی میر کس قدر رات

جیتا ہے نہیں ہو جسے آزار محبت	مایوس ہوں میں بھی کہ ہوں بیمار محبت
امکان نہیں جیتے جی ہو قید سے آزاد	مر جائیے تبھی چھوٹے گرفتار محبت
تقصیر نہ خوبان کی نہ جلاد کا کچھ جرم	تھا دشمن جانی مرا اقرار محبت
ہر جنس کے خوبان ملے بازار جہان میں	لیکن نہ ملا کوئی خریدار محبت
اس راز کو رکھ جی ہی میں تا جی بچے پیارے	زنہار جو کرتا ہو تو اظہار محبت
ہر نقش قدم ترے سر کوچے میں عاشق	ٹک سیر تو کر آج تو بازار محبت
کچھ مست ہیں ہم دیدۂ پرخون سے نکلنے	آیا ہی ہے ساغر سرشار محبت
بیکار مزہ عشق میں تو دوڑ نے سے ہرگز	یہ گریہ ہی ہے اب رخ کار محبت

مجھ سا ہی ہو مجنون سے یہ کب بن نہیں عاقل
ہرگز نہیں اے میر سزاوار محبت

جی میں ہے یار رخ و زلف سیہ فام بہت	رونا آتا ہے مجھے ہر سحر و شام بہت
دست صیاد تلک بھی میں نہ پہنچا جیتا	بے قراری نے لیا مجھ کو تہ دام بہت
ایک دو چشمک ادھر گردش ساغر کہ مدام	سر چڑھی رہتی ہے یہ گردش ایام بہت

ردیف التاء

۵۲

کس کا روے سخن نہیں اور ہے
سب نظر میں ہمارے سب کی بات
ظلم ہے قہر ہے قیامت ہے
غصے میں اوسکے زیر لب کی بات
کہتے ہیں آگے تھا بتوں میں رحم
ہے خدا جانیے یہ کب کی بات
گو کہ آتش زبان تھے آگے میر
اب کی کہیے گئی وہ تب کی بات

واشد ہوئی دلکو فقیروں کی بھی ملا
کہلتی نہیں گرہ یہ کسو کی دعا سے آج

جیتے ہیں اختیار نہیں ورنہ ہمنشین
ہم چاہتے ہیں موت تو اپنے خدا سے آج

ساقی ٹک ایک موسم گلکی طرف تو دیکھ
ٹپکا پڑے ہے رنگ چمن میں ہوا سے آج

تھا جی میں اس سے ملیے تو کیا کیا نہ کہیے میر
پر کچھ کہا گیا نہ غم دل حیا سے آج

ردیف جیم فارسی

کاش اٹھیں ہم بھی گنہگاروں کی بیچ
ہوں جو رحمت کی سزاواروں کی بیچ

جی سدا ان ابروؤں ہی میں رہا
کی بسر ہم عمر تلواروں کے بیچ

چشم ہو تو آئینہ خانہ ہے دہر
منہ نظر آتا ہے دیواروں کے بیچ

ہیں عناصر کی یہ صورت بازیاں
شعبدے کیا کیا ہیں ان چاروں کے بیچ

جب سے لے نکلا ہے تو یہ جنس حسن
پڑ گئی ہے دھوم بازاروں کے بیچ

عاشقی و بیکسی و رفتگی
جی رہا کب ایسے آزاروں کے بیچ

جو سرشک اوس ماہ بن جھمکے ہے شب
وہ چمک کاہیکو ہے تاروں کے بیچ

اوسکے آتش ناک رخساروں بغیر
لوٹیے یوں کب تک انگاروں کے بیچ

بیٹھنا غیروں میں کب ہے ننگ یار
پھول گل ہوتے ہیں خاروں کے بیچ

قطعہ

ساتھ ہوا کس بیکسی کے عالم ہستی کے بیچ
عرش پہ ہم نے دیا نشان الفت کا دلا

باز خواہ خون ہے یار گیا ہی کے بیچ
آج دولت کا ساپہ یان فقر کی بستی کے بیچ

ہم سیہ کاروں کا ہنسا وہ ہے میخانے کی اور
آ گئے ہیں میر مسجد میں چلے مستی کے بیچ

ردیف حای حطی

ہونے لگا گداز غم یار بے طرح
اب کچھ طرح نہیں ہے کہ ہم غمزدے ہوں شاد
جان پر تمہارے ہاتھ سے ہوگا نہ اب کوئی
فتنہ اٹھیگا ورنہ نکل گھر سے تو شتاب

رہنے لگا ہے دل کو اب آزار بے طرح
کہنے لگا ہے منہ سے ستمگار بے طرح
رکھنے لگے ہو ہاتھ میں تلوار بے طرح
بیٹھے ہیں آ کے طالب دیدار بے طرح

لو ہو میں شور بور ہے دامان و جیب میر
پھرا ہے آج دیدۂ خونبار بے طرح

خاطر کرے ہے جمع وہ ہر بار ایک طرح
مین اور قیس کوہ کن اب جو زبان ہیں
منظور او سکو پردے میں ہیں ان کے جابجا
سب طرح سے وسکو اپنی نظر میں تھیں کیا کہیں

کرتا ہے جیسے مجھسے نئی یار ایک طرح
مارے گئے ہیں سب یہ گنہگار ایک طرح
کس سے ہوا دوچار وہ عیار ایک طرح
ہم بھی ہو گئے ہیں گرفتار ایک طرح

ردیف دال مہملہ

کیا ہے یہ جو لگا ہے آجاتی ہے آنکھ ہی کوئی زرد
یا نگو ماسے کوئی سر کھینچے ہے
شوق میں یہ محمل لیلی سے کے ہوسکے
اک ہما ودادی مجنون سے
جو وہ سر دی نہیں میں
میں یہ برسا سے کہیں

قطعہ

نہ پڑھا خط کو یا پڑھا قاصد — آخرکار کیا کہا قاصد

کوئی پہونچا نہ خط مرا اس تک — بسکہ طالع ہیں نارسا قاصد

سرنوشت زبوں سے ہے زبوں خاک — راہ کہوئی نگر تو جا قاصد

گر پڑا خط تو تجھ پہ حرف نہیں — یہ بھی میرا ہی تھا لکھا قاصد

یہ تو رونا ہمیشہ ہے مجھکو — بھیج کبھو کبھو ہنسا قاصد

اب تو غرض خامشی ہی بہتر ہے — کیا کہوں تجھسے ماجرا قاصد

شب کتابت تھی وقت گریہ نیز — جو لکھا خط سو بہہ گیا قاصد

کہنہ قصہ لکھا کروں تا کے — بھیجا کب تک کروں نیا قاصد

ہے طلسمات اوسکا کوچہ تو — جو گیا سو وہیں رہا قاصد

پاؤں پر تیر اپنے جسکا جواب — اوسکو گذرے ہیں سال ہا قاصد

نامہ بھیجے کو اوڑتا ہے
کاغذ باد کر گیا قاصد

ہوں رہگذر میں تیری ہر نقش پا ہے شاہد — اوڑتی ہے خاک میری باد صبا ہے شاہد

طوف حرم میں بھی میں بھولا نہ تجھکو اے بت — آتا تھا یاد تو ہی میرا خدا ہے شاہد

شرمندہ اثر کچھ باطن مرا نہیں ہے — وقت سحر شاہد دست دعا ہے شاہد

55

یکسان یوسف کو کیونکے دین نسبت
کب شنیدہ ہو دیدہ کے مانند
میر صاحب بھی اوسکے ہاں تھے لیک
بندہ زرخریدہ کے مانند

تو پھر کوچہ ہوئی پر ہے رضا بس ہے

جسے ہر مجلس آرایان دین ہو کر ایمان سے | اوسکا کہ نظر کی خاص ہے شاہ خراسان سے

نگہ سان چشم ہو آتی ہر خلق ایران و توران سے | گذر جاتی ہیں وسکی نام پر جن و بشر جان سے

جو سودا اس کے دن جائے تو ہو راضی رضا بس ہے

جو وہ دن ہو کہ نکلے آفتاب اوس روز پچھم سے | موکل دوزخ دن لاویں سخن جنت جہنم سے

نظر میں ہے پرسش بہ نیک عمل کی خلق عالم سے | مخاطب ہم کسی سے ہوں شہ یارب لگو ہم سے

یکتا ہی عرصۂ دو جہان مرتضےٰ علی

ہر چند کام ایسی جگہہ کیا کرے سمجھ — اس راز کو سمجھ جو سکے تو اسی سمجھ
یعنی نہ ذات پاک سے آشنا ہوئی سمجھ — عقل نخست سی بہی اسے کچھ پری سمجھ

ہے آنسوی خیال وگمان مرتضی علی

موجود اوسکی نور سے روشن جہان ہوا — اس پردے مین جو تہا پس پردہ عیان ہوا
فرمان شاہ بحر وبر اونپر روان ہوا — پیر زمانہ دیدۂ عالم جوان ہوا

چشم وچراغ کون ومکان مرتضی علی

شخصیت ایسی کسکی تہی کسو تہا یہ شرف — اسقدر رسا تہہ کون بغیر از شہ نجف
اللہ رے زور کوئی نہ اوسکا ہوا طرف — دریائے موج خیز تہا اوسکی کرم کا کف

ابن عم رسول زمان مرتضی علی

ہر چند ہی یہ عرصہ ہمیشہ سے پر غبار — یاران رفتہ کی بہی تردد مین یادگار
لیکن کہان یہ جرأت کہان ایسے مرد کار — نکلی نہ ویسی تیغ کہ جیسی تہی ذوالفقار

دیکہا نہ تہا وہ جیسا جوان مرتضی علی

پامال راہ اسکی ہین سرہای پر غرور — نزدیک اہل عقل کی رتبہ ہی اسکا دور
شائستۂ سجود سمجہتے ہین ذی شعور — ہر جلوہ تن منزہ وسر تا قدم ہے نور

اس زمانے مین آه کچھ سے عظیم	ہے مری جان پر عذاب الیم
مستحق کرم ہون مین تو کریم	ملتفت ہو بہت ہے حال سقیم

میرے ہر درد کی دوا ہے تو

فرصت وقت یون حباب ہے کم	حال مانند موج ہے درہم
ڈوب جاتا ہے جی مرا ہر دم	جوش زن گو کہ ہو محیط غم

غم نہین کچھ جو آشنا ہے تو

تجھسے ظاہر ہوئی ہے سب ہیولی	جلوہ تیرے ظہور کا جا دیکھ
ذرے ذرے کو تجھسے ہے ہیولی	دن ہی طالع ہوا جہان خورشید

سب پہ روشن ہے کیا چھپا ہے تو

میر کوکب تلک یہ رنج و غم	اس ہی امروه گین کو زخم دم
منبسط ہے ترا سحاب کرم	یعنی ساری مین ہے ترے عالم

سارے عالم میں چھا رہا ہے تو

مخمس در منقبت

ہے حقیقت سے تو اگر آگہ	یاد مین روز و شب علی کی رہ
کعبہ اوسکا ہے در ہے اے اللہ	میر مولا کی ذات پاک سے وہ

سنیے وہ داستان گاہ خلق خدا
روز محشر وہی سر سبکو رجا
وہ مروت شعار و حامہ حیا
بحر زخار جود و کان عطا

اوس سے نفع گدا تمتع شہ

مرتبہ کچھ نہ چھپا اس گھر کا
بندگی پائی فخر قیصر کا
شاہ ہین پیش دست قنبر کا
آسمان ہے گدا تری در کا

دیکھتے ہین ادھر ہی مہر و مہ

اوسکے بہت اوسیکو ہین آوے
دولت اوسکی جہان سب کھاوے
بار اس در پہ جو گدا پاوے
ایک آواز کر کے پچھاوے

مال و اسباب و ملک و تاج و کلہ

سیر ہازم ہوئے ہو کیسہ بر کے
جو تلاشی ہو یار و یاور کے
رنگ اودوستی حیدر کے
نہین محتاج ہوتے رہبر کے

سب سے راہ میں خدا ہمرہ

مخمس در منقبت

قدر کو میری بہت سے برتری
کب مری خورشید سے ہو ہمسری
حکم پر کے سے یہان شیری تری
گر مخالف سوچ کر تک ازوری

اے مخالف بحث مت کر نابکار	بات ایسی سی ہے مجھکو ننگ و عار
بس کہا اِس آستان کا ہوں غبار	کیا کہا تجھسے کہوں میں بار بار

حیدری ہوں حیدری ہوں حیدری

شیخ کو نسبت نہیں تجرید سے	ہے یہ خرچکبر اہوا تقلید سے
بے عقائد ہوتی ہیں تائید سے	گو کہا ان نے مرے تقلید سے

حیدری ہوں حیدری ہوں حیدری

اس عقیدے ہی پہ اپنے میں ہوں	گو خوارج کے ستم اسمیں سہوں
سبے ولا حیدر کے ہوں میں تو نہوں	لب ہیں جبتک بس یہی تب تک کہوں

حیدری ہوں حیدری ہوں حیدری

اب ہوا پیری سے تک میں مضمحل	ورنہ تہا یہ شور تا چین و چگل
شور و شر ایسا کچھ نہ تہا بے صدق دل	رات دن رہتا تھا کہتا متصل

حیدری ہوں حیدری ہوں حیدری

اے میرے سرمایہ ہر دو جہان	عشق تیرا ہے مرے ہمراہ جان
ہو اگر تن پر مرے ہر مو زبان	بیگمان سرزد ہو یہ ہے ہر زمان

حیدری ہوں حیدری ہوں حیدرے

ایضاً ترکیب بند

جور انواع و شمنوں نکے سہ	پر نکر یار گفتگو بے تہ
دوستے ہین علے کے جھوڑ رہ	بات یہہ ہے گی اور رکیہ مت کہہ

یا علے یا علے کہا کر تو

اسم یہہ ایک جو مکرم ہے	سب کے نزدیک اسم اعظم ہے
یہہ سب اور اوپر مقدم ہے	غرض لے ہمنشین جو آدم ہے

یا علی یا علی کہا کر تو

رہ دو لا سے علی کا خواہش مند	ہے یہہ شیوہ خدا رسول پسند
دب کے ہرگز نہ رکہہ زبان کو بند	پست کرتے کو مدعی کے بلند

یا علی یا علی کہا کر تو

بدر آسا علے تمام ہے نور	ذات پاک اوسکی ہی علیم و صدور
بہول مت اوسکو گر تجہے ہے شعور	یاد خاطر رہے ضرور ضرور

یا علے یا علے کہا کر تو

سونپ رکہہ اوسکو اپنی موت و حیات	رحمت صرف ہی علے کی ذات
بس ہے اوسکے ولا برائی نجات	باتین یون سو ہین پر یہی یہہ بات

یا علے یا علے کہا کر تو

تقصیر ہی بوالہوس کی اور سخت	مارا جاتا ہون درمیان مین
اکسا ہی نہ تیغ کہا کے بارے	فارغ ہوا دیکہے امتحان مین
ای طفل کہے گا بعد میرے	مارا کا ہیکو یہہ جوان مین
ہون مین تو چراغ آخیر شب کا	کوئی دم کا ہون میہمان مین
دل سوز ہی میری کد ای صبا تک	ہونے تئین صبح کے کہان مین
رونے ہی کو رونا ہے گا ناصح	پہرتا ہون دربائے خانمان مین
کوئی نہین شہر غم مین میرا	بیچارہ غریب ہونگا یان مین
غم کہہ کے رلاتا ہون مین سبکو	تجہہ غم مین ہوا ہون نوحہ خوان مین
پائیے نہ وفا کسی مین دیکہا	غربال تمام کر جہان مین

بارے مین یہہ سب دیار دیکہا
ہر کوچے کو بار بار دیکہا

شب ہی عالم مین ہو گئے تہے	اپنے دلکا غبار دیکہا
آنکہین گئین روتے روتے لیکن	تو نے نہ ادہر کو یار دیکہا
اب وعدہ نہ کر زیادہ بس ہم	جانا تیرا اعتبار دیکہا
کہتے تہے یہہ ہم نکر تمنا	اے جان امیدوار دیکہا

ہے بندہ نواز ظلم مجھ پر
ہم نالہ نکر تو مجبورے سے

گو موسم درے خنک ہو مجھ سے
دل گرمی ہے مہجور سے

ٹک دیکھ فلک نے شاہ خوبان
کیا کچھ کیے خاندان کیسے

سر نیچے سو عشق مین رکھے پا
واقف نہین دل تو پانکی رسمے

ہاتھون مین مرے ہین سراغ خوبان
کہتے ہین کہ اس کنے ہین سبے

کیا تجھسے کہون معاش اپنی
بارے گذرے ہے جیسے

رہتا ہے غرض ہمیشہ سودا
کوچہ کوچہ ہوا ہون سودا

وہ تشنہ دہن ہون دل جلا ہین
لب جس جسکا ہووے دریا

کہتے ہین فلک ہوا ہے
ہیرے ہے غبار دل سے پیدا

کرتا ہے تو سب کبھی بلا سے
دل میرا ہے کاش غنچہ ہوتا

اب جان سے جا نا آرہا ہے
موقوف اشارۂ تقاضا

ہو جسکی عذاب عاقبت بے
وہ مین ہون کہ مین اور دنیا

مین ہون کہ سر آمد جنون ہون
مجنون کو خلیفہ مین کیا تھا

وہ خستہ ہون مین ہے جسکو کیے
رونق افزاے کوہ و صحرا

یکروز جو اپنا سمجھ ہول دل سے
اندوہ تنک سجھے ہوا تھا

لوہو دیا اپنا دوستون نے
جس جا گہ مرا عرق گرا تھا

ہون اب جو بلا مین مبتلا مین
بیگانہ ہے جو کہ آشنا تھا

یہہ رنج و بلا و درد و محنت
لیوا سے حواس و صبر طاقت

اے مہر ہے کبہو تک ایک چشمک
ہمسے بہی ضرور ہے مروت

مت فرصت وقت سے ہو غافل
آخر کو نہ کہینچیے تا خجالت

ہر آن مین اپنے تربیت کر
دیتا ہے زمانہ کسکو فرصت

غیروں کے رہوگے دیر تک تم
ہمکو تو سویرے کرد رخصت

کیا تمسے کہین سلوک ہجران
دل مین نہ رکھے ہمارے حسرت

قطرہ تو ہے پر نہ ہاتہہ اوٹھاؤ
دریا کو کرے ہے یہہ کفایت

خالی دل پر کو ہم ہے کرتے
افسوس نہ دی اجل نے فرصت

بس میرا ہو تو کردون مناوے
کوئی نکرے کہین محبت ❊

کردون مارین شتابی اوسکو
رکھے جو کسی سے میہ الفت

عمر گذری ہو چکا آسودگی کا روزگار
رنج و محنت کی تئین آرام سے ہو تنگ عار

وصلِ خاطر خواہ تو معلوم تھا میر تجھ سین
نگاہ باشد رحم کو بھی حکم فرماوے وہ شوخ
ایک ساعت پاس بیٹھے درد دل میرا سنے
سو تو یہ سب ہو چکا ہے کاشکے ملتا نہ تو

آس لگی تھی جب تلک تھا میں جدا
دیکھیہ مجھ ناکام کو یکدم کرے ترک جفا
کر کے غمخوار کبھی تھیہ تجھ تئیں کیا ہو گیا
ایسے آجانے کا تیرے سکون یاں مشتاق تھا

آمدی و حسرتِ وصل از دلم برداشتے
حسرتی بود از وصال آن ہم بمن نگذاشتے

ہیں خرابی آج جتنے کل یہ تھے لوگوں کے گھر
طاق کسری تو سنا ہوگا کہ کیسا تھا محل
گھر کا صاحب تو اڑا یا کر کے یکساں خاک سے
خطِ باطل سے لکھا ہے صفحہ کون مکان
کیسے کیسے خانوادے خاک میں یاں مل گئے

مت بنا ہے خانہ میں منعم رہا کر اسقدر
اب کہیں اس طاق کا کسری کے پیدا ہے اثر
اینٹ ماریں اینٹ سے یہ جگہ ہوا اس گھر پر
کیوں دماغ اتنا جلاتا ہے رہی ہے تو کدھر
جا بجا ہے جبر تیرے ہے یہ معمورہ جہاں لکا یہ خبر

ہر کجا افتادہ بینی خشت و در ویرانہ
ہست فرد دفتر احوال صاحب خانہ

لکم بہت سننے میں آتا ہے کوئی رنجور ہے
روشنی آنکھوں کی ہے یہ منظور سارے خلق کو

یا کسی مجروح کا زخم جگر ناسور ہے
قوت دل کا سبب ہر دیکھو تو ہر مذکور ہے

تجھے میں دیکھ تماشی لگا کیا مہیا ہون — خدا کی دین ہے مجھے آنکھیں گیا میں اندھا ہون

نصیب لطف سے باقر کا نہ چھوٹا ہون — دو چار حشر میں آفت سہی ہون جو ایسا ہون

امام جعفر ہیں اس اپنے پیشوا کی قسم

جو رد ہو سو نظر میں تو صبح و شام کی سون — پڑا ہو پانو کہیں تو تری خرام کے سون

کلام ہو کسی سے تو مجھے کلام کی سون — جو سات پانچ ہو مجھ میں جھٹے امام کو سون

غبار رہ ہون تیرا اوسکے خاک پا کی قسم

کبھی بھی لطف جو جھک تو بحال آتا ہون — وگرنہ آپ سے میں لمحہ لمحہ جاتا ہون

تری ہی واسطے یہ غم یہ غصہ کھاتا ہون — گواہ دعوی کا کاظم کو اپنے لاتا ہون

سچ اوسکو مان تجھے اوسکی ہی ولا کی قسم

جو تجھکو خوش نہیں پاتی تو جان کھوتی ہین — ہلاک ہونی یہ تجھ ہی سے راضی ہوتے ہین

کبھو ہے آٹھ پہر میں نہ ایک سوتی ہین — ہمیشہ راتوں کو آٹھ آٹھ آنسو روتی ہین

امام ضامن ثامن علی رضا کی قسم

گدا ہی سون تقی کا نقی کا ہون مملوک — رکھون ہون عسکری کی لطف سے امید سلوک

طریق مہدی دین کی رکھتا ہون مسلوک — جہانکی لوگ میں مفلوک سارے ہیں بلوک

قسم جو کہائی ان چہار بادشاہ کی قسم

۴۸۷

ہے جو کچھ اوس سے ایسا ویسا ہو | ورنہ کیا دسنل کوئی کیسا ہو
کہتا ہے مرون جو پاس پیسا ہو | سہتی جو دے نہ ایسا بیتا ہو

خلق ناحق ہے میرے جی کا وبال

ایک عمدہ کی یان ہے اہل کار | فوج کے لوگون کا سب سپہ دار
سو یہ بہرہ ہو ایسا خوش اقرار | کہے ہر اک کو دیتے سو سو بار

پھر ندے جز فریب تادہ سال

یا مہینون تلک رہے روپوش | یا ملے ہے تو بیحواس و مدہوش
لوگون کہتے پہرو نہ جوش و خروش | یہ کچہری مین بیٹھا ہے خاموش

زر رو بیچیا ہے گویا لال

جب سے یہ ہے محرر و منشی | تب سے ہنگامہ ہے رہا اکثر
ہووے پر چاہو دے کسو کو زر | سو یہ ہوتا نہین ہے کچھ

ہے اوسکو ہے ایک جنگ و جدال

لات مکی ہیچ کہ سپاہیون سے | دہول جہکر ہے گاہ چیلون سے
کم نہین ہے یکہ ہمسایون سے | آئے جاتے ہین لوگ ریلون سے

نکلے ہے تیغ گہر کہے ہے وان جو بال

یہہ کمر باندہ کر گئے دربار
آنے دروازے پہ لگے سوبار

وہ ہوئے گرم جستجو سے یار
سر پہ رکھہ بانکے پگڑی کی دار

پہر ہوئے پیر وہ جوان فی الحال

کچہہ جمیت نہ تہی غلب کے تیئن
نہ رہے پاس جو روشب کے تیئن

ساتہہ لے جاوے گہر میں سب کے تیئن
نہ تو پاتے ہیں اوسکے ڈہب کے تیئن

نہ سمجہتے ہیں اوسکی چال کی چال

قصہ کوتاہ بعد چندین ماہ
جا نہی دم لگا گہہ و بیگاہ

مرہی اس بہروسے پر ہوئی تنخواہ
یہہ تو معزور سے نہ و گمراہ

مفتری کاذب و سفیہ و ضلال

سہل سا مجکو بہی سمجہہ کے فقیر
یہہ نجانا نہیں ہے اوسکے نظیر

رکہنے وعدون ہی مین لگا مجکو پیر
اوسکو جانے ہی پادشاہ و وزیر

دور تک پہنچیگے یہہ قیل و قال

اوسکی خاطر کریں گے خورد و کلان
دوست اوسکو رکہیں ہیں پیر و جوان

سے اس مین کرینگے محمد سے بجان
لے گا منت علی محمد خان

رکہنا ان پیسیون کا ہے کسکے مجال

بار آتا نہیں ہے نفس شوم ۔۔۔ ورنہ کستے اُٹھے ہے ایسے وہوم

ہر سحر روز والو نکا ہے ہجوم ۔۔۔ ہے تمہیں حال پیسان کا کیا معلوم

تم تو سونٹا لیے کرو ہو سوال

ایکدن جا کیا نفر نے شور ۔۔۔ اُن نے دیکہا نہ مطلق اسکے اور

ہے غرض صحبت اپنی اسکے زور ۔۔۔ وہ تو مچہڑ کی حبول کا ہے چور

میں بہے کہینچو لگا خوب اسکی کہال

اسپ تنخواہ جو کہ گہر لاوے ۔۔۔ سو وہ اپنا کیا ہے بہر پاوے

پاشکستو نکو ہر سوین جوڑا اوے ۔۔۔ ایسے سے ہاتہہ خاک کیا آوے

جسمے دل ہوں تہہ غبار ملال +

ہرزبانی نہیں ہے اتنی خوب ۔۔۔ بات اچہی نہیں ہے بے اسلوب

گفتگو اسطرحکی ہے معیوب ۔۔۔ مل رہیگا جو کچہہ کہ ہے مطلوب

بس قلم اب زبان اپنی سنبہال

نیچو وانہ ہین بیگے حرف زبان ہرگز گوش ۔۔۔ آج کہتا ہوں کہ ہے خمکدہ دلمیں جوش

پاسی ہتن تو تہے لیک سمجہے تہا کچہہ ہوش ۔۔۔ سر خوش از کوی خرابات گذر کردم دوش

بطلبگار ئی ترسا بچہ بادہ فروش

مخمس

بیخود و بیخبر و مست مئے صاف الست | آتش مے سے بہر اُفروختہ ہیں بادہ پرست
بلکہ گر پانوں کی لغزش کو سبب ہست بدست | دیدم از دور گرفتہ ہمہ پیمانہ و دست

از تف بادۂ شوق آمدہ در جوش و خروش

گرچہ چھایا تھا خراب انکا علی سب پہ غرور | کاسۂ سر بھی ہوئے پھر تو پیالۂ فغفور
نہ لباس طرب و جامۂ اندوہ سے عور | نہ دف و مطرب و ساقی ہمہ در عشق و سرور

بے مے و جام و صراحی ہمہ در نوشا نوش

نام و ناموس کا وقت تھا سب انکا بہم | دیکھکر پہلے کیا میں نے تامل یک دم
پھر جو دیکھا تو مجھے بدکھی گا کیا عالم | چون سر رشتۂ ناموس برفت از دستم

خواستم تا خبری پرسم ازو گفت خموش

عقل کہتا ہے تو کب ہے ادب کا پابند | یان فراغت ہے دو عالم کی ہر اک جام میں بند
یہ وہ جا ہے کہ نہ فردوس ہو اسکے مانند | این خرابات مغان است و درو مستانند

از دم صبح ازل تا بہ قیامت مدہوش

میرا مستوں کبھی نہیں پابند نیست | کیونکہ یہ نیست بہت ہو کے تو وہ زر نہ گزشت
جتنے ہیں سب نظر آتے یہ سب میں ہستی | گفت انیر باین فرقہ سر بکیجی است

دین و دنیا بیکی جرعۂ عصمت بفروش

وان ان نے دل کیا ہے مانند سنگ خارا	یان تن ہوا ہے پانی ہو کر گداز سارا
کیا پوچھتا ہے ہمدم احوال تو ہمارا	نے رمز نے کنایہ ایما ہی نے اشارا

اسکے تغافلوں نے ان سوزوں ہمکو مارا

ہو شہر یا کہ صحرا یا رے مکان تو ہو	غم مین نہووے کچھ تو اک تنہین جان تو ہو
حالت تغیر ہو کر منہ مین زبان تو ہو	سو بار دیکھ صورت ہو مہربان تو ہو

اتنے تئین نہین ہے پہ تاب گفتگو کا یارا

یہ چشم تھی کہ ترکان اکثر سوار ہونگے	ہم لوگ انکے رہ کی گرد و غبار ہونگے
یہ جانتے نہ تھے ہم اسطور خوار ہونگے	اب کہتے ہین کہ یارب کیونکر دوچار ہونگے

اس بے طرف کو ہوگا انکا کبھو گذارا

ہے جب انہین گشت پہ چمن و باغ مین ہم	بوسے وفا نہ پائی دلہین باغ مین ہم
مدت سے ہیں اگرچہ گلگشت باغ مین ہم	پر لطف کچھ جو دیکھا سینے کی داغ مین ہم

اوس سن ہے جو گل سے تھے انکا کیا نظارا

رکھتے ہین اپنے تنگا ہے ہمدم و نہ آؤ	ہو وے طبیب گر خضر اسکو بھی مت ن لاؤ
اب تم ہو سو نہ آؤ گر اسمین جان جاؤ	آب بقا نہ دو اوسکے شمشیر کا پلاؤ

آب حیات اپنے جی کو نہین گوارا

عیب و شہود دو نون مین مشہود ہے تو تو ۔ ہے نے ہماری وہم ہے موجود ہے تو تو
حاصل ہے کہ دو جہانکا مقصود ہے تو تو ۔ مسجود تجکو جانون مین معبود ہے تو تو

ناجی ہین وہی ہی لوگ جنکا ہے یہ یقین

احوال خوش انہونکا جنہین تجسے ہے لگا ۔ آعدا تو آسمان زمین بہی خاک مین ملا
آئینہ ہے کہ مین کو تجسے ہوئے جلا ۔ برپا وہی رہیگا جو تجہ تک ہے سلسلا

یارون نے جتنے رسمین ہٹائین تہین اٹہ چلین

فتنے کو تیری عہد مین ہو گئی گذر گئے ۔ آشوب تیرے خنجر سے تیرے سدہ ہو گئے
آفت کمان کہ کب کے کنارا ہی کر گئے ۔ آوازہ تیر سنکے بلا جیسے مر گئے

یون مٹ گئے فساد کہ مذکور ہی نہین

داور ہوا جو تو تو ملے بیکسون کو داد ۔ تلوار یارنی سے تیرے مٹ گئے فساد
اٹھے زمانہ سے زندقہ و کفر و عناد ۔ زنار ٹوٹے مہر جلے بت گئی بباد

بر ہم ہوئی گری مین ہزارون برس سے دین

ہنگامے گرم یارونکے سب سرد ہو گئے ۔ چہرے منافقونکے دو رنگ زرد ہو گئے
سر در نقاب خاک بہرے مرد ہو گئے ۔ جیسے تباہ غبار جہان گرد ہو گئے

گلون مین بکریون کی چہپی شیر خشمگین

لاشکل اسکے ولمین ہی مصطفے کو دیکھیہ	اس رخ کا ایک تصور ہ نور خدا کو دیکھیہ
رنگینی عدالت شاہ ولا کو دیکھیہ	نرگس نے غش کیا تھا کہین ابر وا کو دیکھیہ

گلشن مین مثل لبرون نے نہ پہر انگڑیان لین

عاجز نوازی تیری ہی سے موشت خاک ہر	برسے گدا پہ ابر کرم سے تری اگر
جور فلک نے کیا جی سے رحم کر	مہمان تری سماط پہ ہے خلق سحر

حاتم یک اشمال ہے یان فعین ہیز وچین

جس دلکو ہو نہ شوق ترا ہو جیو گداز	جس چشم کو نہ میل ہو تیرا نہ ہو جو باز
جو سر ترا خیال رکہے ہو وے نیاز	سجدے سے تیرے در کو نہ ہو سرفراز

مسجود ہو جو صبح سعادت کی وہ جبین

اہل نظر سے دیکھنا اور سر کا ہی عجب	آنکھون نے تیرے روضہ پہ دا قفت آز
کسکو تھی یہ بزرگی کو سکتا تہا یہ سب	یہہ قدر تہی تری مری معلی ہوا تو جب

رونق فزای کعبہ محمد کا جانشین

کیا کیسے تیرے قرب سے اے سایۂ آلہ	بید انشے سے کچہہ کہے کو شیخ زین
اپنی تو تجہہ پہ ٹی ہی جا کرو مین لگا	فہم و گمان و وہم کو جسما نہین

ہے چشم شوق عینک شفاف دوربین

۴۹۵

جانا جہان تہا مجہے سو بار وان گیا
ضعف قوی سو وست بد یوار وانگیا
محتاج ہوکے نان کا طلبگار وان گیا
چارہ نہ دیکھا مضطر و ناچار وانگیا

اس جان ناتوان پہ کیا صبر اختیار

در پہ ہر یک و فی کی سماجت مری گئے
نا لایقون سے ملتے لیاقت مری گئی
کیا مفت ہے شان شرافت مری گئے
ایسا پہر آیا آن ذکہ طاقت مری گئے

مشہور شہر اب ہون سبکسار و بیوقار

عرصہ تہا مجہہ پہ تنگ اٹہا ہوکے نیم جان
پوچہا نہ مجہکو یک لب نان سے کنہونے یان
کم پاٹی پہ پیر کیا مین نے سب جہان
آشفتہ خاطری نے پہرایا کہان کہان

ہر سو نکا راز مجہسے ہوا آخر آشکار

پرواخت میری ہو سکی ایک امیر سے
عقدہ کہلا نہ دل کا دعا ہی فقیر سے
زخمی ہمیشہ آتی رہی سر پہ تیر سے
ہر چند التجا کی صغیر و کبیر سے

لیکن ہوا نہ رفع مرے دل کا اضطرار

کسی کی اپنے حال پہ شفقت سے یک نگاہ
نکلے ہے کستے طور سے اپنے سخن کی راہ
بولا نہ کوئی ہنس کے کہ تم کیون ہوئے تباہ
اسلوب اپنے جینے کا ہو کسطرح سے آہ

ہم ایک ناتوان و ضعیف اور غم ہزار

جیتی والی جو تھے ہوئی ہین فقیر | تن سے ظاہر رگین ہین جیسے لکیر
ہین معذب غرض صغیر و کبیر | مکھیان سی گرین ہزار دن تقصیر

دیکھیں ٹکڑا اگر برابر ماش

شور مطلق نہین کسو سر مین | زور باقی نہ اسپ و اشتر مین
بھوکھ کا فوکرا قل و اکثر مین | خانہ جنگی سے امن لشکر مین

نہ کوئی رند ہے نہ کوئی اوباش

لعل خیمہ جو ہے سپہر اساس | پالین ہین رنڈیونکی اسکی پاس
ہے زنا و شراب بُرو سواس | رعب کہ دیجیے نہین ہے قیاس

قصہ کوتہ رئیس ہے عیاش

جتنے ہین یان امیر بی دستور | پھر بھی سلوک سب مشہور
پہنچنا ان تلک بہت ہے دور | بات کہنے کا وان کسے مقدور

حاصل اُنسے نہ دل کو غیر خراش

پیارے بچے ہین مستعد کار | درس تلنگے جو ہون تو ہو دربار
ہین وضیع و شریف سارے خوار | لوٹے سے پکھ ہے گر مے بازار

سو ہے قند سیاہ ہے بالاش

بخشش دون جامہ تک جو ہو قدرت | اٹھون آگی ہین خرچ یکساعت
درس و پی دون گدا کو بی مہلت | مقتضی ہوسے کب مری ہمت

صاحبان کرم کی تئین شاباش

ہو جوان لوگو نمین گدا کا گذر | سہم رہ جائین سب ند کہین اوپر
دیر کے بعد یہ کہین ہل کر | شاہ جی لے خدا سبھونکی خبر

سو بہی یہ بات ہے پس از کنکاش

یار ہونکے بجود کا بیان کیا ہے | رہم مین انکے بہی جہان کیا ہے
آشکارا ہے سب نہان کیا ہے | ویکتے ہین کہین کہ یان کیا ہے

ایسے صحبت مین ہم نہو تو کاش

بس قلم اب بانکو اپنے سنبہال | خوشنما کب ہے ایسے قال و مقال
ہے کہ سب جنج رو سیہ کی چال | مصلحت ہے کہ رہیے ہو کر لال

فائدہ کیا جو راز کریے فاش

وتخلطی فرد کا سنو احوال | بید باغی سی مین تو دیتی تہی ڈال
ایک شفقت کو تہا او ہر کا خیال | مہربانی سے لگے کہوج نکال

شیخ جی لگاڑ ہے سو عجائب مال

لیکے میری تسلّے فرمائے — پھر تو پاس اپنے رکھوائی

اور لگے کہنے رکھیے استقلال

فخر نواب کو دکھاؤں گا — حال صاحب کا سب جتاؤں گا

ہے مقدر تو کچھ ہی لاؤں گا — لیکے دفتر میں آپ جاؤں گا

آگے میرے کسے سخن کا مجال

قدر والا ہمارے ہی معلوم — خلق خادم ہے اور تو مخدوم

اس سعادت سے جو رہے محروم — ہے یقینی کہ وہ الانعہ ہے شوم

حشر کو ہوگا مرکب دجال

تم بنی فاطمہ ہو ہم ہین غلام — ہے غلامی تمہاری اپنا کام

تمکو مسجود جانتے ہین انام — تم سبھونکے ہو پیشوا و امام

تمسے سبکو نجات کا ہے سوال

باری حضرت کیا بصد اعزاز — اور کہا تم ہو خلق مین ممتاز

ہے تمنا کہ تمسے ہوں دمساز — دل ہمارا ہو کاش محو نیاز

کریں تم پر نثار جان و مال

شیخ ذکر سلوک حد سے زیاد — قید از وہ سے کیا آزاد

اتنو ہو صبح اب ہوئی ہو رات	ایک مدت تھی آج کل پر بات
جمع آدم میں اتنی کب ہیں صفات	ہو بہت شیخ کی غنیمت ذات

مفتری و دروغ و محتال

کہیے اس در سے جاؤں اب کیدھر	ایک دن میں کہا جو ہو مضطر
سر منڈانے ہو تم بھی اس گھر پر	ہنس کے بولے بہت تلطف کر

آگے آو نیگے جتنے ہونگے بال

اور دنوں کو قیامتیں گذریں	راتوں کی تئیں مصیبتیں گذریں
باتوں باتوں میں مدتیں گذریں	کچھ نہ پوچھو جو حالتیں گذریں

وعدہ تو چار دن نہ ماہ و سال

کہنے لاگے کہ نائب دستور	پھر جب اوس فرد کا ہوا مذکور
پڑ گئے ہے رکھو مجھے معذور	جانتا ہے تئیں کہ ہو مشہور

جارہی کرنا ہے اسکا امر محال

اوسکے لوگوں پہ کی ہو اب خواری	آگئی ہیں شاہ پر بھاری
فوج ہوگی تو قحط کی ماری	آپ ہے تو یہ ہو گرفتاری

کیوں یہ سمجھا ہو ہیں وہاں تھا کمال

۴۹۹

یان نہین شہ کے گھر مین دا تا ہے — کبھو ہوتا ہے پینا کھانا بھی

ورنہ بھوکے سے ہین بیٹھے نڈھال

حال یہ ہے جو اسپہ ہو منظور — پھر بھی نواب سے کہون مذکور
گاہ باشد کہ ہوا نہین مقدور — پر سماجت سے اب خروسے دور

لطف کیا مین کہون وہی دیویگا ل

مین کہا بس بہت خراب ہوا — پر دی مین وانسے بھی جواب ہوا
دل ہوا داغ جی کباب ہوا — بات سے ہونا جو تھا شتاب ہوا

کٹ رہیگا مرا ہے یہ جنجال

دل سے اپنے بھی اب بھلا دیجے — فرد میری مجھے منگا دیجے
اس خیالات کو اڑا دیجے — بند چیڑ یا کسے چیڑا دیجے

بس کہا یا بہت غریب کا جال

ہنسکے بولے کہ فرد ہے حاضر — اور کچھ نہ مجھکو ہے قاصر
جان کا ہون تمہاری مین ناظر — جمع فرماؤ خاطر عاطر

اب نہین پھر یہ کام ہونگا سنبھال

تب سے ابتک وہ فرد لاتا ہون — گاہ بیگاہ انکے جاتا ہون

۵۰۱

فقر و فاقہ کی ہر طرف ہے دہوم	وہ ملنگے جہان ہین ران ہے ہجوم
لشکر اک ہے خراب مردم بوم	زندگی کدڑی کی طرح معلوم

کہ رہے جون خدا ہی ہے آگاہ

قصہ کوتہ کہان نہ رو گذرا	کونسی شکل مین نہ ہو گذرا
آبرو رفتہ کہو گذرا	یان گذرنا تہا ظالم جو گذرا

اسپہ جسکو ہو قصد بسم اللہ

پارسا ہین جو جوان پیر ہی کہتے ہین	ہو ولایت رکہے ہین شاہ ولا کہتے ہین
سالک مسلک دل راہنما کہتے ہین	ایک مولا کہی ہین ایک خدا کہتے ہین

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

آفتاب فلک عز و علی تو ہی تہا	چہرہ آرای زمین اور سما تو ہی تہا
جانشینے پیمبر کی سزا تو ہی تہا	قالب خاکی کے پردے مین خدا تو ہی تہا

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

ہے ترے قدر سے جز ختم رسل کون آگاہ	عبد اشان تہری فضل علے تیری جاہ
زور سے تیری ابہی کوہ لبسان پر کاہ	وہ ثبات اس قدر و ثبات پہ غیرت و

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

عالم خاکی مین تہا مصلحتاً جلوہ نما — عرش اعظم سے بہی تہے ورنہ پرے تیری جا

یا علی ہم تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

اے ترا مرتبہ بالاتر فہم و ادراک — ایک تہے کی تئین پہنچے ترے جلوے کی ہوا

ہین تیری شوق مین سرگشتہ شب و روز ملک — پہر کہان عالم خاک اور کہان عالم پاک

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

اپنے اسرار کا تو آپ ہی کچہ دانا ہے — ورنہ کن نے تجہی جون چاہیے پہچانا ہے

ایک فرقہ نے تجہے روح قدس مانا ہے — ایک نے ذات مقدس تجہی کو جانا ہے

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

شان و شوکت تری کیا کر سکے عاجز تقریر — یعنی مداح ترا کیونکہ ہو الکن ہے میر

زیب دیتی ہے تجہے کو شہی کل امیر — تین فقیرونکی تئین بخشش دیے تاج و سریر

یا علی جو تجہے کہتے ہین بجا کہتے ہین

ای مربع نشین علی العرش استوا — و دعوٰنا سوائے خدا خویش مصطفے

تو تہا کہ تو نے دوش نبی پر قدم رکہا — بت توڑ توڑ شرک کی صورت دیئی مٹا

لا یا نہ دو جہے مین یکتائے خدا

کہتے ہین تجہسے چشم کرم صاحب نظر — افضل ہوئی سبب سے ترے خلقت بشر

زور آوری جہان میں تیری جو داستان ہوئے
عرصے کے پہلوانون کی قدر بے نشان ہوئے
کتنون کی جان جانے تیرے سوان ہوئے
کتنون کی دور بیٹھے سے خاطر نشان ہوئے
سیسر تیرے کمان کی نہ کوئی اٹھا سکا

فرضاً ہوا غلام سے تیرے اگر بگاڑ
دشمن سپاہی سامنے ہر ایک جون پہاڑ
مارا نہ ایک دو ہی کو میدان مین پچھاڑ
جسکی کمر مین ہاتھ چلا یا لیا اوکھاڑ
جسکی طرف کو ان جھکا پھر جھکا دیا

آیا دیپ کو گھوڑے کو جس وقت پھیر پھیر
خرگوش تھی بھیڑ کی گویا جوان و پیر
سرگرم رزم جب کہ ہوا کہہ کے گیر گیر
اوسکی کمانکو ساتھ تھا پیغام مرگ تیر
تلوار اسکے ہاتھ مین تھا نامہ قضا

بھیڑ کوہ و دشت کو بھاگ کر سب گئے
بھیڑ زخم تن پہ اٹھا جان بلب گئے
تھا بچ کر جو ان ہوا ہٹ سو وہ سب گئے
جو پڑا ادھر سے تیر ادھر سہم سب گئے
چمکی ادھر سے تیغ اودھر سر جدا ہوا

ہے کون دادرس کہون دس سے ناامید
چھوڑ فلک سے چھاتی مین سب کے گئی ہین
آسیہ پھر کہ پہونچی ترے لطف کی نوید
کم بخت بھی پھرا نہ ترے در سے ناامید
از بسکہ وقف کرتے ہین دن طالع رسا

مسدس در نعت سرور کائنات صلعم

جرم کی کہو شرمگینی یارسول — اور خاطر کی حزینی یارسول
کیونکر ہون ہو نقصان دینی یارسول — تیری رحمت سے یقینی یارسول

رحمۃ للعالمینی یارسول
ہم شفیع المذنبینی یارسول

لطف تیرا عام ہے کرم رحمت — ہے کرم سے تیری چشم مکرمت
ہم ہیں عاجز چہونکر تک تقویت — تو ہو صاحب تجسس ہے یہ مسلمت

رحمۃ للعالمینی یارسول
ہم شفیع المذنبینی یارسول

کیا ہے کار نو منہ کالا کیا — بات کرنے کا نہین کچھ منہ رہا
رحم کر خاک مذلت سے اوٹھا — میرے عفو جرم کی تخصیص کیا

رحمۃ للعالمینی یارسول
ہم شفیع المذنبینی یارسول

اب ٹھہر تا تک نہین پای ثبات — دستگیری کر کہ پاؤن نہین نجات
جرم کیا ہین میری کتنی مشکلات — ہے کفایت ایک تیری التفات

رحمۃ للعالمینی یارسول
ہم شفیع المذنبینی یارسول

۵۰۴

رحمۃ للعالمین یا رسول
ہم شفیع المذنبین یا رسول

کچھ بھی جو ہیں واقف راز و نیاز	عام تجھ انعام پر کرچشم باز
شعر یہ مشہور سب وہ دل گداز	پڑھتے ہیں جب وہ دعا بعد از نماز

رحمۃ للعالمین یا رسول
ہم شفیع المذنبین یا رسول

جب تلک تاثیر کا تھا کچھ گمان	گھر قرآن خوان ہیں تیری گھر سبھی خوان
وقت یکساں تو نہیں ہے دوستان	اب سبھا ہے ہر زبان ورد زبان

رحمۃ للعالمین یا رسول
ہم شفیع المذنبین یا رسول

مسدس

ذلہ خوار و ہیں تیرے روم و شام	ریزہ چینی ہے تیری باد شہ چین کا قیام
حبشی ہندی و صفاہانی عرب اہل تمام	ہیں بدست نگر تیرے کیسی کس کا نام

یا علی کیست کہ شرمندۂ احسان تو نیست
بر سر خوان کرم کیست کہ مہمان تو نیست

[illegible]

تمام حاتم کا خنک جیسے لطیفہ مشہور رنگ رنگ کا طعمہ ہیں ہر ایک سے جو ہر مفور	معن زاہد کا تری بزم میں زاہد مذکور کیا خداوندی ہے اللہ خدائی مشکور

یا علی کیست کہ شرمندۂ احسان تو نیست
بر سر خوان کرم کیست کہ مہمان تو نیست

لطف ہے عام ترا سب تجھی سے پاتے ہیں شکر نعمت یہ نہیں تیرا بجا لاتے ہیں	تیری دولت ہے جو یہ شاہ و گدا کھاتے ہیں اس جہاں سے بھی یہی کھاتے ہوئے جاتے ہیں

یا علی کیست کہ شرمندۂ احسان تو نیست
بر سر خوان کرم کیست کہ مہمان تو نیست

ارض میں اور سماوات میں سب تیرا مال روز بہبود کا تجھ سے گردوں میں خیال	جسکا گھر چاہے تو کر دیوے ابھی مالامال اپنی خوبی کو زمیں رات کرے تجھ سے سوال

یا علی کیست کہ شرمندۂ احسان تو نیست
بر سر خوان کرم کیست کہ مہمان تو نیست

فی الحقیقت تو ہی مہمان خلائق ہے سب ترے کھنے ہی کی ہے گو تری مروت کا سبب	تیرے دروازے سے محروم کوئی آدمی ہے کب جاؤں ناکام اگر میں تو نہایت ہے عجب

یا علی کیست کہ شرمندۂ احسان تو نیست

ایک مدت ہوئی بیٹھا ہوں دل تنگ
میلی پیری کی دو دینی و تنہائی ہے
صبح جیسے کی ہوا گالی آتی ہے کہاں
ابتدا سے مری ذلت تجھے خوش آئی ہے

۵۰۶

[illegible]

استقدر تجہسی نہ لگ چلیتہ نہ آتی اس راہ
تو پری ہوتا تو کرتی نہ تری اور نگاہ

یہ فریبندہ سخن گوش نہ کرتے ہرگز | خواہش کنج دہن دل یہ نہ دہرتے ہرگز
شب وصل دن اسطرح نہ ہوتے ہرگز | لعل جان بخش یہ ہوں تری نہ مرتے ہرگز

اتفاقات سے ہو جاتی ملاقات تو خیر
دل تجرد یہ رکہا جب نہ کوئی یار نہ غیر

عشوہ و ناز و ادا سے کسو کو ہے کیا کام | جی نہ بیچین رہا کرتا نہ دل بے آرام
ہو گیا یوں تو کبہو ہو گیا آپسمیں کلام | ہجر رخ و زلف رکن کا ہیکو ہر صبح و شام

جنس اچہی تری پر گرمی بازار کہان
سر گران تو تو بہت ہو یہ خریدار کہان

تجہسے پہر ربط و اور لگا نا تہا غلط | آپ کو حرف غلط رنگ مثا نا تہا غلط
قصد یہ قاصد کو تیری اور چلانا تہا غلط | آتش غم سے مرے جی کا جلانا تہا غلط

اپنی نادانی سمجہے کہ تو کیا نسخہ ہے
آدمی بہی کسو دانا کا لکہا نسخہ ہے

تم نے یہ سمجہا کہ مری یاری و وفاداری کا | نہ خیال آوے یہ مبتلی گرفتاری کا

پھر تو جسکو مین کرونگا اسی سے پھر قربان
بس یہ گولا سا ہوا تیر ہے سرگردان

راہ و منزل مین پھرونگا اسکے دست افشان
اسقدر مجھکو ہے غم اب ہے کہان ... کمان

کمر شبون مجھ پہ ہے خواب شبون کو روتا
کاش مشتاق ترے منہ کا نہ اتنا ہوتا

اتنا جو مجھکو ہے دل اوس سے تشنہ ہوگا
باشتہ ... جیسے ... بیٹھ رہگا

اوسکی دروازے پہ درویش ہو جا بیٹھونگا
آ کے ... کیا ہی تو تری پاس ہی بیٹھونگا

زر سے ایک نظر کرکے چلا جاؤنگا
سفر سے کتنے دنون پھر ... مین آؤنگا

لاگ ہے جس ... سے پھر کہون ... قال
ساری مجلس ... اسکا ... حال

دل نشین اسکی کرون خوب طرح کوئی مقال
بعد ازان ترک کرون کہا کو قصہ و خیال

... ہم مین ... بھی گذری نہ ملتا تیرا
... در پہ اوسکی زلف ... تھا

تک چلون اوس ... کی طرح ...
روئی گلرنگ ... اسکو ... میری نظر

اسکی پاؤن تلی کی خاک کرون کحل بصر
... اسکی لب شیرین ہے ... دیدہ تر

در ہی احوال کی اس ... [illegible]

٥٠٨

۵۰۹

چوٹ مجھکو بھی غیر ونکی ملاقات کی ہے
چھوڑ یہ تو تو بھر آزردگی کس بات کی ہے

جی نہ تڑپیگا مرا پھر نہ مری چھاتی جلی
شکوہ نا کی سے زبان منہ میں نہ ہنہار چلی
دل نہ سینے میں مرے شام و سحر کوئی ملی
آلی چلنی کہیں سے بولی لگا میرے گلی

زور سے بازو یہ اپنے ترے سر کو رکھا
دست گستاخ یہ اپنے تری کمر کو رکھا

بس ہوس کیشیوں سے مل مل کے تو بدنام ہوا
کاسہ لیسو نگی کہو مرتکب جام ہوا
بسکہ راتوں کو رہا شہرۂ ایام ہوا
شوخ و مشتاقی دید صبح سے تا شام ہوا

طور پر میری معیشت کوئی دن اچھی ہے
ایسے بدکار سے صحبت کوئی دن اچھی ہے

آیا گر غیر کے ملنے کی قسم کھاتا ہے
ذوق و سیاہی ہے اوسکا تو اوسے بہاتا ہے
میں بھی ترے ورشتانہ سے شرماتا ہے
ونکو وا سوز سے منہ پہ سخن لاتا ہے

ورنہ مشتاق ہے سو جی سے جگر خستہ ترا
کشتہ و مردہ ترا رفتہ کو دل بستہ ترا

مسدس

تا کجا وان نالہ و فریاد کیا کرتے ہم
اک طرف بیٹھہ تجھے یاد کیا کرتے ہم

کب تلک ساتھہ سے خوبان کے جفاکار رہیں
ہم کو کب تسکین ہے داد و فاداری دین

اس وفادار سے کیا ہو کہ یہہ غمخواری دین
عشق ہے ہم ہے جو کچھہ ہو تو گنہگاری دین

قصد فریاد ہے گر یار تلک انصاف کریں
پھر وہی گوشہ کہ کدورت سے ہمیں صاف کریں

ست بر سخن کہ یہہ عشاق کو ہم کیا کم تھے
موج سیلاب ہے آنسو کہ گئے عالم سے

حرف دیرینہ ہے جو یہہ کہ بیماری یہ ہم تھے
یعنی اے رابہ کسی عہد میں ہم بھی ہم سے

سر ہم گرد میں کیا آبادی سے گزرا تھے
بیٹھہ کر دشت میں جو ویرانی کو گھر تو

کون تنہایان کہ جیسے دیکھہ خداست کبھی
سیر صد سال خدا تجھکو سلامت رکھے

یا مرے سر پہ قیامت سے قیامت کبھی
تو سنو و ہو نہ جیسہ کرکے سلامت رکھی

ورنہ اب تک تو مری خاک بھی ہو جاتی ہوا
لیگئی ہوتی تبرک کی طرح باد صبا

مسدس

تنگ پوشی سے نہ مخلوط تمہیں یار ہوئی
سسکی چولی سے کبھو در پہ نہ تم آ بیٹھے

تنگ جامے جو سے جاتی تو گھبراتی تھے
لپٹے دامن سے الٹ گھری میں پھر جاتی تھے

پائنچے اب کوئی ڈھیلی موندھی جیسے رکھتے ہیں
باہر اندر ہو کہیں بند کیے رہتے ہیں

شوق زینت سے تمہارا یہ رعنائی کا
اٹھو سو بار کمر بند بھی سجا لگائی سے

دل آشنا تھا لگا خوبی و زیبائی سے
دیکھتے رہتے ہو ترکیب ہر خود آرائی

رو سپید آئینہ سے نگہ فرصت ہی نہیں
سرمہ تیر و ورد سے کہیں فرصت ہی نہیں

شانہ اب ہاتھ میں ہر زلف بنا کرتی ہے
پاس سر سے کو سلانے ہی رہا کرتی ہے

مسی دانتوں میں کئی بار لگا کرتی ہے
آنکھ رعنائی اپنی ہی چڑھا کرتی ہے

جان آنکھوں میں کسی کے ہو نظر تمکو نہیں
غش کسی کو کوئی ستمزدہ خبر تمکو نہیں

کب گلی کوچے میں پھرتی تھی لیے تم تلوار
ساتھ خونخوار نہ پھرتی تھی تم ہو خونخوار

پھر تلا کا جو رہتا تھا گلی کا یون یار
دم میں لاحق کسی یون جان نکلتی تھی یار

بانکپن نقشہ و پرخاش سے ہی ہوا اب تو

۵۱۱

مسدس

چھیڑی گالی دی اشارت کرکے چشمک ماری
عشوہ و غمزہ و انداز بھلا دے ساری

زندگانی ہو تجھے ہاتھ سے اوسکے دشوار
سو بھی حیران ہیں وہ تجھے سو سو آزار
کوئی دن تو بھی پھرے جان سے اپنی بیزار
طنز و تعریض و کنائی کی رہی اک بوچھار

جا کے تک سامنے اسکی تو بہت تر آوے
عرق شرم میں ڈوبا ہوا سب گھر آوے

دل دا سوختہ کو اپنے لئے جاتے ہیں
اپنی جا غیر کو ہنگونا جا ر دیئے جاتے ہیں
غصے سے خون جگر اپنا بھی جاتے ہیں
اکبی یون جاتی نہیں عہد کئے جاتے ہیں

آدمی کا تو بھی منانا کو نہ آوینگے ہم
جان سے جاوینگے پیان سے نجاوینگے ہم

باز گشت اپنی کسو طرح نہیں ہے منظور
جانا تو پھر آنیکا میاں کیا مذکور
گو کہ درپیش ہمیں آ کے رہ دور از دور
جی سے اپنے بھی گزر جائی پر یتا مقدور

سنداد ہر گری نہ جس جا سے بیٹھ اٹھ جانا
قدر کسکو ہے یہ پھر بار کا آنا جانا

سیر اعراض بھی ہم لوگوں نے کیا ہے آگے
دل کی واسوز سے کو تو بھی سہا ہے آگے

خوبی رعنائی سے کم تجکو بہت فرصت ہے	اپنی ترکیب بنانے سے کہاں مہلت ہے
چہرہ آرائی شب روز ہی یہ صورت ہے	شانہ و زلف گتھی رہتی ہیں یہ صورت ہے

سرمے سے آنکھ اوٹھاوے تو مرا رو دیکھے
آرسی چھوڑی بجھے تک تو ادھر تو دیکھے

محو کس روز تجھے پاتی تہے رعنائی کا	ذوق رہتا تہا تجھے کاہیکو خود رائی کا
کب کب آنچل رہے تہا ہاتھ میں اکلائی کا	اتنا دل بستہ تہا جامۂ زیبائی کا

سرخ سنجاف نہ لگتی تہی نہ ہوتی تہی چاک
خون سے عشق کی مار رنگی یہ دامن تہا پاک

ایسے اوباشوں کی تقلید میں کب تہے تک رو	تنگ چولی کی نہ رہتا تہا کبہو اتنا گرد
پاٹ دامن کی نہ ہوتی تہی ترے ساتھ کی سو	اتہو ہی تہر تو ڈھیلی ہو کر اک سہی جو

درزی کا نیا ہی کرے ٹیک نہ جب تک سی لے
کاڑھی ناکے میں سوئی کو کرے ٹانکے ڈھیلے

خط ابہی آیا ہے مرے تیری صفائی نہ ہوئی	کس گھڑی آنکھ جیسے کہ لڑائی نہ ہوئی
اپنی سج دیکھنے سے تجکو رہائی نہ ہوئی	اک بلا جی کی ہوئی تنگ قبائی نہ ہوئی

رک گئے دیکھتے وہ سب جا سے تری مونڈھے جیسی

[illegible]

[illegible]

ابھی نہ نکلا اگر حسین تو کربلا کیا کرے گا
سر شیر اپنا کہیں جھکے کہا کرے گا

مسدس

بیاباں میں شب تار کی گرمی و گو یہ پیاسوں خراب
دل تڑپ پیاسا ہے حیدر کی جدا ہے اضطراب
کب تلک اس خاک کربلا میں چون بگولا پیچ و تاب
ہر گھڑی تازہ مصیبت ہر دم نیا ہے اک عذاب

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

اب گرد جاتا ہے حسین خشم خلق ... سنبھال
سر حسین کربلا ... مشکل ...
دیکھ مت اس ... زیادہ خوار زار و خستہ حال
کب تلک محزون رہوں میں تا کجا کھینچوں ملال

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

کیا لکھے اعجاز تیری خامہ جادو شعار
... ہے تنگ ... پروردگار
تو تو ہی ہے دیکھ لیکن نام تیرا ہے ہزار
نام لے کر تیرا کہتا ہے ہر اک یہاں پکار

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

[illegible]

[illegible]

یا علی یا ایلیا یا بو الحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

غالبا سیدھی پہم سب میر کو بھی برگ و ساز شام کہتا ہے ہی رکھ خاک پہ روی نیاز	آ ایلہ نیک ہیں گیاہ تینلہ ہیں ہیں گراز صبح چہرہ ہیتا ہے [illegible]

یا علی یا ایلیا یا بو الحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

مسدس در منقبت

درویش جو ہیں مقصد دلخواہ کہیں ہیں اک واقف اسرار دل آگاہ کہیں ہیں	سالک جو ہیں رہبر رہ کہیں ہیں اک چرخ حقیقت کا تجھے ماہ کہیں ہیں

کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

مذکور کہیں نام ترا کام روا ہے ہر ایک نے کچھ حسب خرد اپنی کہا ہے	مشہور لقب ایک تیرا رہنما ہے سمجھا نہ کوئی یہ کہ حقیقت میں تو کیا ہے

کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

٥١٥

آدم کی اثبات تھی شب و روز تری اور
پہنچے ہیں ملک نام ترا چرخ پہ کر شور
قائل ہیں تری سیف کے سلیمان سے تا مور
العصر ہی تری شوکت و حشمت ترا زور
کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں
ہستی میں ترا جلوہ ترا شور عدم میں
تم ہی تصرف ہو حدوث اور قدم میں

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثلث

ٹک یہ بھی رکھو سخن تم اے ارباب تعلق
اوقات خوش آن بود کہ اسباب تعلق
آزردہ دل اے دشمن آتشم دل آگہ داشت
سب کہو ہیں عاشق و معشوق کا راز و نیاز
ناقہ را امیر انڈیلی سوی خلوت گاہ ناز
ساربان دردہ صدی مجنوں بیابان میست

سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں
کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں جو دردی کی عزت کرتا
کیا تری صفت کریں پاجاز معذر
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

یعقوب کا تھا کلبۂ احزاں میں تو غمخوار
رحمت کا فرشتہ ہو تری لطف نے پیار

یوسف کا ملک ہو کی ہوا چاہ میں مددگار
کی آتش نمرود براہیم پہ گلزار

کیا سچ ہے یہ تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

الٹا ہے دو انگشت سے در وارِ خیبر
کیا ہاتھ تھا جس سے کہ گیا جان سے عنتر

چھپا ہے کس انداز سے گہوارے میں اژدر
ظاہر ہے کہ یاں تھا وہی ظاہر وہی مظہر

کیا سچ ہے چو جب تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

ثانی ترا پایا نہیں تسلیم و رضا میں
مشہور سخاوت ہے تری شاہ و گدا میں

ایوب سے ہو صبر ترا سا نہ بلا میں
نین خود کی تیغیں بخشش دیا راہ خدا میں

کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

اے وہ کہ تو ہی جان جہان سارا ہے قالب
اک پل میں روا کر دیے تو ان سبکی مطالب

در پر ترے کھڑے ہوں ترے سیکڑوں طالب
ہم عاجز و عاجز ہیں تو ہی غالب و غالب

کیا سچ ہے یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں

هر کسے چیزی بیادت در گلستان تحفه شد

آئی تھی ملاقات کی راہ اسکی وہی سو | تا چشم کنم باز شب وصل سحر بود

عمر گذران بر سر انصاف نیاید

جان سی آئی اجابا ہی مجکو مجھسے سخن | یکے بگو بخر بیابان شہر سیری کن

ببین که نقش بلا با چه دلال اشنا دیده است

اگرچه آب دم آخر سے لیکن ای غم خوار | بجز نه شد ز آمیختہ پیش من مگذار

جدا ز یار بجنو در دو بر دشدن سنگ است

سے بھی جو کوی یاں سو نہیں کرچہ وہ نگاہ | نشکیب وبد عالم ہم عشقا صفا شد

یعنی خبر از هر که گرفتم خبری بود

تمام شد مثلث سوم

عمدہ تر اعدل ہے سب ملک تیرا سبکا سردو
بادشاہ صاحب استقلال امیر المومنین
مالک ملک و ولایت حاکم عالم پناہ
حافظ ناموس شریعت و حامی شرع متین
وارث دین داور عادل شہنشاہ زمن
آرزوے اہل عرفان مطلب اہل یقین
مقصود دل آرشیان مرجع عاشقان
زیب مسند جانشین رحمۃ للعالمین
مظہر صدہا عجائب مصدر لطف و کرم
زینت بخش شریعت رونق اسلام و دین
پیشوائے پیشوایان بحرۂ لطف و احسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہفت بند

السلام اے بادشاہ دادار و جان آفرین
ذات تیری جیسے خدا کی ذات ہے والا صفات
ہے شرافت ہے سیادت ہے تقدس ہے کمال
تو ولی ہے تو وصی ہے تو علی ہے تو ہی
کیا تعقل کیا تحمل کیا تبختر کیا وقار
سید حق شریف النفس فخر روزگار

السلام اے سرو بالا...
پر شریک ...
ہے تفکر ہے تعقل ...
جس سے بالاتر تصور ...
طفل مکتب درس گاہ تیری عقل ...
باعث عز سپہر و موجب فخر زمین

بند دوم

اے مرے سرمایۂ دنیا و عقبیٰ لطف کر
اے مرے مولیٰ مرے صاحب ...
لطف تیرا مس کو ... کیمیا سازی کرے
...ہو جاتی ہے زر

بار ہی بہر گران ہی اور مین ہون ناتوان
بو نسیم فیض تیری اس چمن مین مین کہان

بند سوم

ای شہ خوبی نسب والا حسب عالی تبار
جملہ تن عزت سراپا وقر و یکسر اعتبار

اللہ اللہ بازو قدر و قدرت ید نی
زیب کی جا ہی حشمت سی قابل اقتدار

قدس کی باشندگان کا ناز تیری ذات کی
نوع انسان کا تمامی تیری اوپر افتخار

قلعہ خیبر کی در کہینچنا خورشید کا
ہین فسانی زور کی تیری جہان مین یادگار

جہک گئی گردن کشون کی سر جہان بیٹہی کہا
لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

تو کہو جہاں روب تیرے میدان کین کی تیری تیغ
جیسے نکلی خس و خاشاک کی گرد و غبار

تو نی پہیرا ہی اگر مرکب کو اپنی کیلئی ہان
تو ہوا ہی اوس روش سی باد پیما کا گذار

جون کوئی بجلی چمک جاتی ہی گاہی پیش چشم
پہر کہلی آنکہ کی رہ جاتی ہین حیران کار

گوشہ محراب مین راتون کی تہین رونی سی کام
روز میدان سایہ شمشیر مین ہنسا شعار

کیا چہپی ہی کچہ یہ شخصیت جہان مین ظاہر کرون
ہی تری اوصاف سی ہین قریہ و شہر و دیار

ہی گہر بخشی سی تیری ابر نیسان یکطرف
ہی کف ہمت کی آگی تیری دریا یک کنار

مہربان ہو یک نظر اس چشم رحم کی اور دیکہہ
دیکہہ مت میری طرف اپنی کرم کی اور دیکہہ

زور ایسا کا کسیکو بالقوہ امکان ہے — ہمسرنہ ہو تو ملا ہوئی زمین و آسمان

گرچہ عالم دیدہ حضرت خضر بھی ہیں ہیچ مـی — پر نہین ہیں انکو مطلق یہانکی صحبت کا بیان

تجھ سے ہی فضل الٰہی کا اطلاق شایان ہے — جیسے ہو خورشید سے ہیچ ترا سایہ بان

شیر ہو تو کیا سمجھے نقش ہیچ ہیچ — قشعریری مین ستارہ تھا ہر یان سر بیان

حسن طلسمات جہان کی سب عیان ہیں تجھ پہ باز — حاصل کون و مکان تو ہے واقف راز نہان

خود سے ہو تو ماہ کامل قدرت سے چرخ بر سین — علم تیرا کوہ تیرا علم بحر بیکران

کیا تجسس اور کیا تحمل کیا نمول کیا شکوہ — تو جہان ہے ایکٹان گویا کہ ہین ہون جہان

یہ طرح پائی ہیں تجھ مین سب رسول اللہ کی
شہر ہو نام خدا تو اب رسول اللہ کی

بند ششم

اے چراغ بیلہ نور شاہ مراں مصطفےٰ — اے محرم ہے والی مری معبود ہم نام خدا

ہو تو مخلوق لیکن عقل میں آتا نہیں — دیکھ اندیشہ تجھکو عرش پر جاتا رہا

تو جہان ہے اوس جگہہ کیا آسمان کی قدر ہے — قدر تیری ہے جہان ان گفتگو کو قدر کیا

کام آتا ہے گمہ احد کا ہو علی پایا تجھے — ہے زمانہ میں ہر سکا نہین نشان تھی تیری جدا

مرتضیٰ تجھ سے کیا حرف سخن انجام ہوا ان — تو ہماری آرزو ہے تو ہمارا مدعا

توخریداری کرے جو ملک بھی تو قیمت ہو دو جہاں — یعنی ہو جو جنس کا سب میں قبول خاص و عام

سو خدا اتنا کرے وہ بیچے نہیں کرتا حقیر
آرزو ہوتی نہیں ہے غنیبا ہی اپنا اسیر

قصیدہ در مدح نواب آصف الدولہ بہادر

ہوا کہیں میں نہ بس شکوۂ فلک تحریر — سیہ ہے کاغذ مشقی کہ زنگ لوح ضمیر
کروں نہ شکوہ جفا ہائے آسمان کیونکر — سر خرابی میں ان نے کبھو نہ کی تقصیر
دیا ہے ہزاروں کو دستاں نے خانہ ساز ایکا — دل شکستہ کو میرے کیا نہ ایک تعمیر
جو میں نے چاہا کہ جلد اپنا کام کرلے تمام — تو ردو سیاہ نے اوس کام میں بھی کی تاخیر
سیاہ تھا چشم طمع کو میں اک صحرا سے — سو جام خون دیا ان نے جائے کاسۂ شیر
وہ باغ رفتہ شگفتن سے آشنا نہ ہوا — لگا اس چمن میں رکھا ان نے غنچہ سا دلگیر
در قبول سے نہ امید پہنچی میری دعا — سپر ایا عرش سے تا نیکو اثر ہی تاثیر
نہ دیکھا صفحۂ عالم کو میں کوان سے فرکیا — ہمیشہ نقش پا یہ جو ان کا رہا جیون تصویر
برائے یک لب نان جو ضعیف کو ان نے — ہلال وار کیا سارے شہر میں تشہیر
فلک کے شکوہ میں تھا میں نشستہ — کہا کہ ہو ان ستم کشتہ سپہر پیر
غزل نہ لطف کی اک تو نے میر سے — سخن شناس کوئی ہے آشنا نہ سوز صغیر

۵۲۱

فلک شکوہ ستارہ حشم خدیو جہان — تری جلال کو کن لفظون مین کرون تعبیر

رہی ہے حشمت جاہ و جلال قدرت و نور — کہ تیری حکم کی آگی ہے سہل امر خطیر

ترے محرر دفتر کا ہے سدا محتاج — حبا نہین شہرۂ عطارد جو ہے فلک کا دبیر

رہے علو مراتب کہ در پہ باز شہا — ہزار بار اگر چرخ مارے چرخ اثیر

شریک مشورۂ کارخانۂ عالم — کیا ہے تجھکو قضا و قدر مین تیری مشیر

روان ہو صبح کا گر مرکب غضنفر پیکر — تو تا بشام کرے روم و شام تک تسخیر

کف سخا کی تری ریزش کرم کی حضور — کیا ہے قطرہ زنان شرم گین ہوا ابر مطیر

ہم کو تیری بیان کیا کرون ای ممدوح — ہوئی ہین خلق تری بخشش کو تاج و سریر

کرون مین عرض سو کیا ہفت گنج خسرو کو — کہ تیری بخشش دیکے نہین ہین عشر عشیر

لکھون سو کیا ترے خدام کی سخاوت کو — نیا دے وقت و بخشش رتبۂ قلیل و کثیر

ثبات حرف کو تیری قلم کی کیا لکھیے — کہ تو خامۂ فولاد سے کیا تحریر

برات روزی کسو کی شرف کو دستخط کی — پہونچتی ہے تو نہین مٹتی جیون خط تقدیر

نہین ہے شہر مین نام و نشان سنہیات — رہی ہے ذی کو بھی جنگل مین سو برائے حصیر

مزاج رفع پہ بدعت کی ہو تو نہ اوٹھی — صدا ہے ذی کا تو کیا ذکر ہے قلم کی صریر

نسق کو کام تو فرما وے ہے ایک آن اگر — تو پھر زمانہ قیامت تلک نیا وے تغییر

قطعہ در تعریف اسپ وزیر زمان آصف دوران نواب آصف الدولہ بہادر

وزیر زمان نے لیا ایک اسپ
کہ ہے رشک گلگون باد بہار

نظر پوست سے اوسکی آتا ہے خون
کیا جلد پا اوسکے گل گونشار

اگر اوکرد وے بار ہا سیر کے
نہ نکلا کبہو ابلق روزگار

کروں اوسکی کیا تیز گامی کی شرح
ہرن اسپ شمشیر سے ہوشکار

کہ اک کسمسا وے جو راکب تو پہر
نہیں اوسکو رانو نہیں ہرگز قرار

جہاں باگ اوچک جا ہے محبوب کی
عنان دل اوسکی ہے بے اختیار

کرے جو قدم ابد کا ازل سے اگر
وہ جان باز جو اسپ ہو کر سوار

کہے اسکو گر چھیڑ لیسکر کہان
تو ہیر باد بیان کرے یون گذار

کہ لگے قدم گرد جو اوٹھہ سے چلے
نہ پہرے تک اسکے وہ بیٹھے غبار

غرض اسپ ہے یا چھلاوا ہے میر
رہیں خیرہ ہیران اوسکی ایسے ہزار

قطعہ در تہنیت صحت

قطعہ

ختم ہوئے یاں یہ مضامین حسین — میر کی تصنیف ہے نادر کلام

دیکھے ہیں استادوں کے دیوان بہت — پہ یہ ہے مقبول خواص و عوام

سب سے نرالی ہے یہ شیریں بیان — کرتے ہیں سب تحسین و شکر کا یہ کام

نسخہ ہے یہ جانیے زیادہ عزیز — پیش نظر رکھتے ہیں سب صبح و شام

حق سے دعا ہے یہی اسکے لیے
ہووے یہ مقبول خواطر مدام

تمام شد



بسم اللہ الرحمن الرحیم

آغاز مثنوی مسمی بشعلۂ شوق

محبت نے ظلمت سے کاڑھا ہے نور — نہوتی محبت نہوتا ظہور

محبت مسبب محبت سبب — محبت سے آتے ہیں کار عجب

محبت بن اس جا نہ آیا کوئی — محبت سے خالی نپایا کوئی

محبت ہی اس کارخانے میں ہے — محبت سے سب کچھ زمانے میں ہے

محبت سے کسکو ہوا ہے فراغ — محبت نے کیا کیا دکھائے ہیں داغ

محبت اگر کار پرداز ہو — دلوں کی تہیں سوز سے ساز ہو

ستم اس بلا کی ہی سہتے گئے — سب اس عشق کو عشق کہتے گئے

اسی آتش سے گرمی ہے خورشید مین — یہی ذرے کی جان نومید مین

اسی سے دل ماہ ہے داغدار — کتان کا جگر ہے سراسر فگار

نئے اسکے چرچے حکایت سنی — گہے شکر گا ہے شکایت سنی

اسی سے قیامت ہے ہر چار سو — اسی فتنہ گر کا ہے عالم مین شور

کوئی شہر ایسا نہ دیکھا کہ وان — نہو اس سے آشوب محشر عیان

کب اس عشق نے تازہ کاری نکی — کہان خون سے غازہ کاری نکی

زمانے مین ایسا نہین تازہ کار — غرض ہے یہ اعجوبۂ روزگار

آغاز قصہ

عجب کام سیکھے بدن اس سے ہوا — عجب اہل عالم کو جس سے ہوا

کہ وان اک جوان تھا پرسرام نام — خوش اندام و خوش قامت و خوش خرام

جوانی کی گلشن کا وہ آب و رنگ — گلستان پہ کام اوسکی خوبی سے تنگ

جدہر نکلے رنگین ادائی کے ساتھ — چلے جائین جی خوش نمائی کی ساتھ

کھلے بال چلتا تھا وہ سرو ناز — قدم بوس کو آتے عمر دراز

جدہر کو وہ ٹک گرم رفتار ہو — قیامت ادہر سے نمودار ہو

کوئی دل ستم کشتۂ اک نگاہ — کوئی جان ہو نٹھون پہ موقوف آہ

کسو پر فسون گردش چشم کا — کسو پر غضب غمزہ و خشم کا

کوئی بست بر دل کوئی بیقرار — کوئی بیخبر کوئی بے اختیار

انہون مین سے اک عاشق زار تھا — اوس آفت کو اوس سے سروکار تھا

محبت مین تھا جذب کامل اوسے — مراد دل اپنی تھی حاصل اوسے

شب و روز ہم بستر کام دل — ہمیشہ ہم آغوش آرام دل

دم اسکے مین یہان تلک تاثیر تھی — کہ صحبت اس آتش سے درگیر تھی

بہم ربط چسپان بہم اختلاط — نہ کم ہوتی گرمی نہ کم اختلاط

مرے کوئی غمسے کوئی ہو ہلاک — وہ شعلہ اوسی خس سے رکھتا تپاک

کہان حسن مین تھا وفا کا یہ پاس — یہ سنیے کہ ہیگا خلاف قیاس

بہت سی بہت اسکا مالوف تھا — اوسیکی تسلی سے مصروف تھا

کہ ناگہہ وہ دلبر ہوا کدخدا — رہا اپنے عاشق سے چندے جدا

زن و شو مین اخلاص باہم ہوا — اوس آشفتہ سے رابطہ کم ہوا

نگاہین بہم دلمین کاوش کرین — سخن سے وفائین تراوش کرین

ہوا ربط چسپان بہم اسقدر — کہ دشوار اٹھے ہے دگر یک نظر

یہ سنکر کہا اوس دل افگار نے | ستم کشتۂ دوریِ یار نے
کہ مجھکو نہیں تیری باتیں قبول | یہ مکر زنان ہے تبرا اللہ پر سول
وفا کنے ان ناقصوں سے کی | ہوا شوے کسکا کہ وہ سہر ہی
یہ ظاہر میں ہر چند ہوں رشک ماہ | ولیکن ہیں باطن میں مار سیاہ
خدا مکر سے انکے دیوے ہے خبر | نہیں ان سی کوئی فریبندہ تر
جہان میں فریب انکا مشہور ہے | زبانوں پہ مکر انکا مذکور ہے
بے امتحان عاقبت یک نفر | مقرر ہوا تا کہ جا اوسکے گھر
کہے غرق دریا ہوا یہ سرام | ہوئی زندگانی کی صبح اوسکی شام
گیا تھا نہانے کو وقت سحر | سو ڈوبا وہ خورشید روشن گہر
گیا موج دریا نے سر سے گذار | اٹھا طبع نازک سے اسکے غبار
وہ گیسو جو بکھرے تھے بالای آب | سو اب موج دریا کو ہے پیچ و تاب
پھرین تھیں جو وی انکھڑیان آب میں | سو وے گردشیں اب ہیں گرداب میں
تمنا میں تھے جسکے سب دل فگار | سو دریا کو اب ہے وہ بوس و کنار
نہ سمجھا وہ نافہم اسرار عشق | نہ سوچا وہ ناتجربہ کار عشق
کہا غرق دریا ہوا یہ سرام | ہوا کام اوس رشک مہ کا تمام

اٹھا مجھو وہ بیخود و بے حواس — گرا آ کے اس پیکر مردہ پاس

لگا کہنے اے مایۂ زندگی — مجھے منہ سے تیرے ہے شرمندگی

کیا جلد رخت سفر تو نے بار — نہ میرا کیا آہ ٹک انتظار

نہ میری سنی کچھ نہ اپنی کہی — مرے تیرے دونوں کی جی میں رہی

زمین پر سے آخر اٹھا یار سے — لب آب جا کر جلایا اوسے

جب آگ اوسکے پیکر پہ سب چھا گئی — محبت عجب داغ دکھلا گئی

یہ سرگرم فریاد و زاری ہوا — لہو اوسکی آنکھوں سے جاری ہوا

جگر غم میں یکلخت خون ہوگیا — رکا دل کہ آخر جنون ہوگیا

گئے ہوش و صبر اسکے یکبارگی — طبیعت میں آئی اک آوارگی

سراسیمگی سے بگولا ہوا — پھرے اسطرح جیسے بھولا ہوا

نہ جبتک ہو تسلی نہ دلکو قرار — کف غم میں سر رشتۂ اختیار

کبھو یاد کر اوسکو نالان رہے — کبھو ٹک جو بھولے تو حیران رہے

کبھو یان کبھو وان بحال خراب — وہی بیقراری وہی اضطراب

رہے گھر تو آشوبگہ وہ لگے — چمن میں جو لیجائیں تو بیکلے

کبھو متصل ہو تنہہ پر آہ سرد — کبھو دست بر دل کہ دلمیں ہے درد

گیا وہ یہ کہکر سوے آسمان — رہی ہے مجھے رات دن خوف جان

سنا حال شعلہ کا صیاد سے — دھوان ایک اٹھا جان ناشاد سے

ہوا شعلۂ شوق دل سے بلند — رہا لوٹتا آگ مین جون سپند

گئی رات جون تون ہوئی صبح جب — زیادہ ہوئی عشق کی تاب و تب

محبت نے کی اشتعالک کہ وہ — سراسیمہ آیا چلا اس جگہہ

جہان سے اٹھی تھی یہ آتش سلگ — پھر اوسکے جگر کو لگی گھر کو لگ

تبسم کنان وان یہ ان نے کہا — کہ کلفت مین غم کی بہت مین رہا

چلو سیر کشتی کو ہنگام شب — لب آب خالی کرین دلکو سب

ہوا سو ہوا یو نہین تقدیر تھی — جہان سوز الفت کی تاثیر تھی

نہوتے جو دلگیریان متصل — نہوتی یہ آتش کبھو مشتعل

کہان عقل کی اون نے باتین جو وان — وہ عاشق جو تھا در پے امتحان

لگا کہنے یہ آرزو تھی مجھے — کہ اک روز ہشیار دیکھون تجھے

سو یہ دن خدا نے دکھایا مجھے — سخن تیرے منہ کا سنایا مجھے

ندامت سے ہو تو نگ شاہد ہین سب — گرفتار ہون مین بحال عجب

نہ خجلت سے رو ہے جو کچھ مین کہون — نہ قدرت اجل پر کہ مر بھی رہون

۵۳

کہ ہو کر فروغ اک سوے آسمان — تڑپنے لگا جیسے آتش بجان

کوئی دم مین دریا پہ آیا فرود — ہوا نیزہ بالا سبھون کا نمود

تب آب وہ شعلۂ جان گداز — تڑپ کر بہت باز یان درواز

پکارا کہان ہے پسر ام تو — محبت کا ٹک دیکھ انجام تو

کہ مین جملہ تن آتش تیز ہون — دل گرم سے شعلہ انگیز ہون

بھڑکتی ہے جب آگ دلکی مری — تب آب اترون ہون غم مین ترے

مگر سوزش دل ہو کم آب سے — بچے جی مرا اس تپ و تاب سے

سو یہ آب رکھتا ہے روغن کا کام — کیا عشق نے آہ دشمن کا کام

یہ بیتاب سنکر ہوا بیقرار — سفینے سے اترا بصد اضطرار

ہوا ہمدم اس آتش انگیز سے — کہا اوس بلا سے دل آویز سے

کہ مین ہون پسر ام خانہ خراب — مرا دل بھی اس آگ سے ہے کباب

مرے بھی جگر مین یہی سوز ہے — یہی جلتے جانا شب و روز ہے

محبت تری برق خرمن ہوئی — تری دشمنی جی کی دشمن ہوئی

سخن مختصر کچھ وہ شعلہ چلا — کچھ اک اپنی جا گھر سے یہ دل جلا

بہم گرم جوشی سے یک جا ہوئے — کہ گذری تھی مدت بھی تنہا ہوئے

خصوصاً وہ عاشق ہوا پر خجل
تھا آگ کی خجلت ہی سے زرد حرف
تفکر کے دریا مین ڈوبا ہوا
کہ یہ چھین گی جو اوسکے وانا نگان
کہون کیونکی یکبار وہ جل گیا
کھینچے جرم کو بگینا ہی مری
وہ شعلہ جلاتا مجہے کا شکے

ندامت ہوئی یہ جسے متصل
ہوا دوسرا ماجرا ے شگرف
کنارے پہ بیٹھا تھا روتا ہوا
تو یہ واقعہ کیا کرون گا بیان
کف خاک ہو خاک مین مل گیا
ہوئی شہر مین روسیاہی مری
لیے ساتھ جاتا مجہے کاشکے

مقولہ شاعر

اگر سے ہے یہ قصہ ہی حیرت فزا
بہت جی جلائے ہین اس عشق نے
فسانون سے اسکے لبالب ہر دہر

وہ لے ہیر یہ عشق ہے بد بلا
بہت گہر لٹائے ہین اس عشق نے
جلائے ہین اس تند آتش نے شہر

محبت نہو کاش مخلوق کو
نچھوڑے یہ عاشق نہ معشوق کو

تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی دریاے عشق

عشق سے تازہ کار تازہ خیال
ہر جگہہ اوسکی اک نئی ہی چال

دل مین جا کر کہین تو درد ہوا
کہین سینے مین آہ سرد ہوا

کہین آنکھون سے خون ہوکے بہا
کہین سر مین جنون ہوکے رہا

کہین رونا ہوا ندامت کا
کہین ہنسنا ہوا جراحت کا

گہہ نمک اسکو داغ کا پایا
گہہ پتنگا چراغ کا پایا

وان طپیدن ہوا جگر کے بیچ
یان تبسم ہے زخم تر کے بیچ

آرزو تھا امیدوارون کی | دردمندی جگر فگارون کی
نمک زخم سینہ ریشان ہے | نگہہ یاس مہر کیشان ہے
حسرت آلودہ آہ تھا یہ کہین | شوق کی ایک نگاہ تھا یہ کہین
کشش اسکی ہے ایک عجوبا | ڈوبا عاشق تو یار بہی ڈوبا
کون محروم وصل یان سے گیا | کہ نہ یار اسکا ہمرہ جہان سے گیا
کام مین اپنے عشق یکتا ہے | ہان یہ نیرنگ ساز یکتا ہے
جسکو ہوا اسکی التفات نصیب | ہے وہ مہمان چند روزہ غریب
ایسی تقریب ڈھونڈھ لاتا ہے | کہ وہ ناچار جی سے جاتا ہے

آغاز قصہ جانگداز

ایک جا اک جوان رعنا تھا | لالہ رخسار و سرو بالا تھا
عشق رکھتا تھا اسکی جیا گرم | دل وہ رکھتا تھا موم سے بھی نرم
شوق تھا اوسکو صورت خوش سے | انس رکھتا تھا وضع دلکش سے
تھا طرحدار آپ بھی لیکن | رہ نہ سکتا تھا اچھی صورت بن
کوئی ترکیب اگر نظر آتی | صورت حال اور ہو جاتی
دیکھتا گر وہ کوئی خوش پرکار | رہتا خمیازہ کش بہ لیل و نہار

وہ تو رکھتی نہ تھی خیال اوسکا ۔ بیطرح ہووے گو کہ حال اوسکا

جھاڑ دامن کے تئین وہ مہ پارہ ۔ اوٹھ گئے سامنے سے یکبارہ

وہ گئے اوسکے سر بلا آئی ۔ خاک مین مل گئی وہ رعنائی

دل پہ کرنے لگا طپیدن ناز ۔ رنگ چہرے سے کر چلا پرواز

ہاتھ جانے لگا گریبان تک ۔ چاک کے پہلے پانو داماں تک

طبع نے اک جنون کیا پیدا ۔ اشک نے رنگ خون کیا پیدا

سوزش دل نے جی مین جا کہہ کی ۔ داغ نے اجگر کو آتش دی

بستر خاک پر گرا وہ زار ۔ درد کا گھر ہوا دل بیمار

خاطر افگار خار خار ہوئی ۔ جان تمنا کش نگار ہوئی

اوسکے منہ پر پڑی جو اوسکی نگاہ ۔ ناامیدی کے ساتھ سرکی آہ

خو ہوئی نالۂ حزین کے ساتھ ۔ رابطہ آہ آتشین کے ساتھ

ہونٹھہ سوکھے تو خون ناب ملا ۔ خواب و خور دونون کو جواب ملا

خلق اوسکی ہوئی تماشائی ۔ پر نہ وہ دیکھنے کبھو آئی

کچھہ کہا گر کسو نے شفقت سے ۔ رو دیا اون نے ایک حسرت سے

جا کے اوسکے قریب ہو بیٹھا ۔ قصد مرنے کا اپنے کر بیٹھا

ایکدم آہ سر بسر اوٹھنا — نالۂ گرم گاہ گاہ اوٹھنا

جی مین کہتا کہ آہ مشکل ہے — اسطرف یک نگاہ مشکل ہے

دوست کو میرے نام سے ہے ننگ — دشمنون سے ہے جی پہ عرصہ تنگ

چشم تر سے لہو بہا کرتا — صبح کو باد سے کہا کرتا

کہ اے نسیم سحر یہ اوس سے کہہ — مت تغافل کر اور غافل رہ

اون بلاؤن مین کوئی کیونکر جیے — جان پر آبنی ہے تیرے لیے

جان دون تیرے واسطے سو تو — آنکھ اٹھا کر ادہر نہ دیکھے کبھو

رفتہ رفتہ ہوا ہون سودائی — دور پہونچی ہے میری رسوائی

نام کو بھی ترے بجا نا آہ — تجھسے کیونکر سخن کی نکلے راہ

ناامیدانہ گر کرون ہون نگاہ — دیکھتا ہون ہزار روز سیاہ

سخت مشکل ہے سخت ہے بیداد — ایک مین خون گرفتہ سو جلاد

کوئی مشفق نہین کہ ہووے شفیق — بیکسی بن نہین ہے کوئی رفیق

نالہ ہوتا ہے گہہ گہے دل جو — گریہ افسوس سے پونچھتا ہے کبھو

آہ جو ہمدمی سے کرتی ہے — اب تو وہ بھی کمی سی کرتی ہے

چشم رکھتا ہے وصل کی یہ دل — جی ہے اس کے اسیر آب و گل

شب مہتابی مین اوسکو کرکے سوار — ساتھہ دی ایک دایۂ غدار
پار دریا کے جلد رخصت کی — اس طرح فکر رفع تہمت کی
گہر تہا ایک آشنا کا مدنگاہ — وان ہو روپوش تا یہ غیرت ماہ
ہووے جب اس بلا سے خاطر جمع — نور افزاے خانہ ہو جون شمع
گہر سے باہر محافہ جب نکلا — اس جوان پاس ہو کے تب نکلا
طپش دل سے ہوکے یہ آگاہ — ہو لیا ساتھہ اوسکے بہر کر آہ
وان کے رہنے سے اوسکو کام تہا — وہ گلے اوسکا کچہہ مقام تہا
جس سے جی کو کمال ہو الفت — جس سے دلکی درست ہو نسبت
جنبش اوسکی پلک کو گردان ہو — دلمین یان کاوش نمایان ہو
وان اگر ہو شکست کا سو باب — یان رگ جان کو ہو وہی پیچ و تاب
وان اگر پاؤن مین لگے ہے خار — دل ہی یان سر نکالی سے یکبار
یار کو درد چشم گر ہووے — چشم عاشق لہو مین تر ہووے
چاک دامن ہی وان پئے زینت — یان گریبان ہی چاک گل کی صفت
وان دہن تنگ یان سے دلتنگی — حسن اور عشق مین ہے یکرنگی
